Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

NOHA & MARSIYA

Ya Rab Chaman-e-Nazm Ko Gulzar-e-Iram Kar

یارب چمنِ نظم کو گلزارِ اِرم کر

Marsiya by Mir Anees

Source: Urdu text: Urdu Wikisource (public domain). Roman Urdu and English: prepared by the Centre.

1

Ya Rab chaman-e-nazm ko gulzar-e-Iram kar	یارب چمنِ نظم کو گلزارِ اِرم کر
Ae abr-e-karam khushk ziraat pe karam kar	اے ابرِ کرم خشک زراعت پہ کرم کر
Tu faiz ka mabda hai tawajjuh koi dam kar	تو فیض کا مبدا ہے توجہ کوئی دَم کر
Gumnaam ko ejaz bayanon mein raqam kar	گمنام کو اعجازبیانوں میں رقم کر
Jab tak ye chamak mehr ke partau se na jaaye	جب تک یہ چمک مہر کے پرتو سے نہ جائے
Iqleem-e-sukhan mere qalam rau se na jaaye	اقلیم سخن میرے قلم رَو سے نہ جائے

O Lord, make the garden of verse a garden of Iram;
O cloud of grace, show grace to the parched crop;
You are the source of all bounty; turn to me for a moment;
write this unknown one among those whose speech works wonders;
as long as this brightness does not leave the sun's light,
may the realm of verse not pass from the domain of my pen.

Free to read, copy and share

2

Is baagh mein chashme hain tere faiz ke jaari
اس باغ میں چشمے ہیں ترے فیض کے جاری

Bulbul ki zaban par hai teri shukr guzaari
بلبل کی زباں پر ہے تری شکر گزاری

Har nakhl barumand hai ya Hazrat-e-Bari
ہر نخل برومند ہے یا حضرتِ باری

Phal hum ko bhi mil jaaye riyazat ka hamaari
پھل ہم کو بھی مل جائے ریاضت کا ہماری

Wo gul hon inayat chaman-e-taba-e-niko ko
وہ گل ہوں عنایت چمن طبعِ نِکو کو

Bulbul ne bhi soongha na wo jin phoolon ki boo ko
بلبل نے بھی سونگھا نہ وہ جن پھولوں کی بو کو

In this garden the springs of Your bounty flow;
thanks to You are on the nightingale's tongue;
every tree bears fruit, O Lord the Creator;
may we too receive the fruit of our labour.
Grant to the garden of my gentle nature such flowers
as the nightingale has never smelt.

3

Ghawwas-e-tabiat ko ata kar wo laali
غواص طبیعت کو عطا کر وہ لالی

Ho jin ki jagah taj-e-sar-e-arsh pe khaali
ہو جن کی جگہ تاج سرِ عرش پہ خالی

Ek ek lari nazm-e-Suraiya se ho aali
ایک ایک لڑی نظمِ ثریا سے ہو عالی

Aalam ki nigaahon se gire qutb-e-shumali
عالم کی نگاہوں سے گرے قطبِ شمالی

Sab hon durr-e-yakta na ilaqa ho kisi se
سب ہوں دریکتا نہ علاقہ ہو کسی سے

Nazr un ki ye hon ge jinhen rishta hai Nabi se
نذر ان کی یہ ہوں گے جنہیں رشتہ ہے نبی سے

Grant the pearl-diver of my nature such pearls
that a place for them lies empty in the crown upon the Throne's head;
may each strand be higher than the string of the Pleiades;
may the Pole Star fall in the eyes of the world;
may all be matchless pearls, bound to no one else;
they will be offered to those who are bound to the Prophet.

Free to read, copy and share

4

Bhar de durr-e-maqsood se is durj-e-dahan ko
بھر دے درِ مقصود سے اس درجِ دہاں کو

Darya-e-maani se barha taba-e-rawan ko
دریائے معانی سے بڑھا طبعِ رواں کو

Agah kar andaaz-e-takallum se zaban ko
آگاہ کر اندازِ تکلم سے زباں کو

Ashiq ho fasahat bhi wo de husn-e-bayan ko
عاشق ہو فصاحت بھی وہ دے حسنِ بیاں کو

Tahseen ka samawat se ghul ta ba samak ho
تحسیں کا سموت سے غل تا بہ سمک ہو

Har gosh bane kaan-e-malahat wo namak ho
ہر گوش بنے کانِ ملاحت وہ نمک ہو

Fill this casket of the mouth with the pearl of my desire;
make my flowing nature greater than the river of meanings;
teach my tongue the art of speech;
give my speech such beauty that eloquence itself falls in love with it;
may the cry of praise ring from the heavens down to the fish beneath the earth;
let there be such savour that every ear becomes a mine of salt.

5

Tareef mein chashme ko samandar se mila doon
تعریف میں چشمے کو سمندر سے ملا دوں

Qatre ko jo doon aab to gauhar se mila doon
قطرے کو جو دوں آب تو گوہر سے ملا دوں

Zarre ki chamak mehr-e-munawwar se mila doon
ذرے کی چمک مہرِ منور سے ملا دوں

Khaaron ko nazakat mein gul-e-tar se mila doon
خاروں کو نزاکت میں گلِ تر سے ملا دوں

Guldasta-e-maani ko naye dhang se baandhoon
گلدستۂ معنی کو نئے ڈھنگ سے باندھوں

Ik phool ka mazmoon ho to sau rang se baandhoon
اک پھول کا مضموں ہو تو سو رنگ سے باندھوں

In praise I would make a spring the equal of an ocean;
if I gave lustre to a drop, I would make it the equal of a pearl;
I would make the gleam of a speck of dust equal to the shining sun;
I would make thorns equal in delicacy to the fresh rose;
I would bind the bouquet of meaning in a new way;
if there were one flower's theme, I would bind it in a hundred colours.

Free to read, copy and share

6

Gar bazm ki janib ho tawajjuh dam-e-tahreer
Khinch jaaye abhi gulshan-e-Firdaus ki tasweer
Dekhe na kabhi sohbat-e-anjum falak-e-peer
Ho jaaye hawa bazm-e-Sulaiman ki bhi tauqeer
Yun takht-e-haseenan-e-maani utar aaye
Har chashm ko pariyon ka akhaara nazar aaye

گر بزم کی جانب ہو توجہ دمِ تحریر
کھنچ جائے ابھی گلشنِ فردوس کی تصویر
دیکھے نہ کبھی صحبت انجم فلک پیر
ہو جائے ہوا بزمِ سلیماں کی بھی توقیر
یوں تختِ حسینان معانی اتر آئے
ہر چشم کو پریوں کا اکھاڑا نظر آئے

If at the moment of writing my thoughts turn to the feast,
a picture of the garden of paradise would at once be drawn;
the old sky has never seen such a gathering of stars;
even the honour of Solomon's court would vanish into air;
the throne of the beauties of meaning would come down in such a way
that every eye would see an assembly of fairies.

7

Saqi ke karam se ho wo daur aur chalen jaam
Jis mein ewaz-e-nasha ho kaifiyat-e-anjam
Har mast, faramosh kare gardish-e-ayyam
Sufi ki zaban bhi na rahe faiz se nakam
Haan baada kasho poochh lo maikhana nasheen se
Kausar ki ye mauj aa gayi hai khuld-e-bareen se

ساقی کے کرم سے ہو وہ دور اور چلیں جام
جس میں عوضِ نشہ ہو کیفیت انجام
ہر مست، فراموش کرے گردشِ ایام
صوفی کی زباں بھی نہ رہے فیض سے ناکام
ہاں بادہ کشو پوچھ لو میخانہ نشیں سے
کوثر کی یہ موج آ گئی ہے خلدِ بریں سے

By the Cupbearer's grace may such a round go about, and the cups pass,
in which, instead of intoxication, there is the rapture of the end;
may every drunkard forget the turning of the days;
may even the Sufi's tongue not go away unrewarded.
Yes, you drinkers, ask the one who sits in the tavern:
this wave of Kausar has come from the highest paradise.

Free to read, copy and share

8

Aaoon taraf-e-razm abhi chhor ke jab bazm
آؤں طرفِ رزم ابھی چھوڑ کے جب بزم

Khaibar ki khabar laaye meri taba-e-ulul azm
خیبر کی خبر لائے مری طبعِ اولو العزم

Qata-e-sar-e-aada ka irada ho jo bil jazm
قطعِ سرِ اعدا کا ارادہ ہو جو بالجزم

Dikhlaaye yahin sab ko zaban marka-e-razm
دکھلائے یہیں سب کو زباں معرکۂ رزم

Jal jaayen adoo aag bharakti nazar aaye
جل جائیں عدو آگ بھڑکتی نظر آئے

Talwar pe talwar chamakti nazar aaye
تلوار پہ تلوار چمکتی نظر آئے

When I leave the feast now and turn toward the battle,
may my resolute nature bring news of Khaibar;
if it firmly resolves to cut off the enemies' heads,
may my tongue show everyone the field of battle right here;
may the enemies burn, may fire be seen blazing,
may sword upon sword be seen flashing.

9

Misra hon saf aara sifat-e-lashkar-e-jarrar
مصرع ہوں صف آرا صفتِ لشکرِ جرار

Alfaz ki tezi ko na pahunche koi talwar
الفاظ کی تیزی کو نہ پہونچے کوئی تلوار

Nuqte hon jo dhaalen to alif-e-khanjar-e-khoonkhwar
نقطے ہوں جو ڈھالیں تو الفِ خنجر خونخوار

Madd aage barhen barchhiyon ko taul ke ik baar
مَد آگے بڑھیں برچھیوں کو تول کے اک بار

Ghul ho kabhi yun fauj ko larte nahin dekha
غل ہو کبھی یوں فوج کو لڑتے نہیں دیکھا

Maqtal mein ran aisa kabhi parte nahin dekha
مقتل میں رن ایسا کبھی پڑتے نہیں دیکھا

Let the verses stand in ranks like a mighty army;
let no sword reach the keenness of the words;
if the dots are shields, let each alif be a bloodthirsty dagger;
let the long strokes advance at once, brandishing their lances;
let the cry go up: "Never was an army seen to fight like this;
never was such a battle seen joined on the field of slaughter!"

Free to read, copy and share

10

Ho ek zaban maah se ta maskan-e-mahi — ہو ایک زباں ماہ سے تا مسکن ماہی

Aalam ko dikha de burish-e-saif-e-ilahi — عالم کو دکھا دے برشِ سیفِ الٰہی

Jurat ka dhani tu hai ye chillaayen sipahi — جرأت کا دھنی تو ہے یہ چلائیں سپاہی

La raib tere naam pe hai sikka-e-shahi — لاریب ترے نام پہ ہے سکۂ شاہی

Har dam ye ishaara ho dawat aur qalam ka — ہر دم یہ اشارہ ہو دوات اور قلم کا

Tu malik-o-mukhtar hai is tabl-o-alam ka — تو مالک و مختار ہے اس طبل و علم کا

From the moon down to the dwelling of the fish let all speak with one tongue;
show the world the cutting edge of the sword of God;
let the soldiers cry out, "You are the master of courage!
Beyond doubt the royal coin is struck in your name."
Let inkwell and pen signal this at every moment:
"You are the lord and master of this drum and standard."

11

Taeed ka hangaam hai ya Haidar-e-safdar — تائید کا ہنگام ہے یا حیدرؑ صفدر

Imdad tera kaam hai ya Haidar-e-safdar — امداد ترا کام ہے یا حیدرؑ صفدر

Tu sahib-e-ikram hai ya Haidar-e-safdar — تو صاحبِ اکرام ہے یا حیدرؑ صفدر

Tera bhi karam aam hai ya Haidar-e-safdar — تیرا بھی کرم عام ہے یا حیدرؑ صفدر

Tanha tere iqbal se shamsheer ba kaf hoon — تنہا ترے اقبال سے شمشیر بکف ہوں

Sab ek taraf jama hon main ek taraf hoon — سب ایک طرف جمع ہوں میں ایک طرف ہوں

It is the hour for your support, O Haidar (a), breaker of ranks!
Help is your work, O Haidar (a), breaker of ranks!
You are the lord of generosity, O Haidar (a), breaker of ranks!
Your kindness too is for all, O Haidar (a), breaker of ranks!
Alone, by your good fortune, I stand sword in hand;
let them all gather on one side, and I stand on the other.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

12

Na qadri-e-aalam ki shikayat nahin Maula
ناقدریٔ عالم کی شکایت نہیں مولا

Kuchh daftar-e-batil ki haqeeqat nahin Maula
کچھ دفترِ باطل کی حقیقت نہیں مولا

Baham gul-o-bulbul mein mohabbat nahin Maula
باہم گل و بلبل میں محبت نہیں مولا

Main kya hoon kisi rooh ko raahat nahin Maula
میں کیا ہوں کسی روح کو راحت نہیں مولا

Aalam hai mukaddar, koi dil saaf nahin hai
عالم ہے مکدر، کوئی دل صاف نہیں ہے

Is ahd mein sab kuchh hai par insaf nahin hai
اس عہد میں سب کچھ ہے پر انصاف نہیں ہے

I make no complaint of the world's neglect, my master;
a register of falsehood is worth nothing, my master;
there is no love between rose and nightingale, my master;
what am I? No soul finds comfort, my master.
The world is clouded; no heart is clean;
in this age there is everything but justice.

13

Nek-o-bad-e-aalam ka taammul nahin karte
نیک و بدِ عالم کا تامل نہیں کرتے

Arif kabhi itna bhi tajahul nahin karte
عارف کبھی اتنا بھی تجاہل نہیں کرتے

Khaaron ke liye rukh taraf-e-gul nahin karte
خاروں کے لئے رخ طرفِ گل نہیں کرتے

Tareef-e-khush ilhani-e-bulbul nahin karte
تعریف خوش الحانی بلبل نہیں کرتے

Khamosh hain, go sheesha-e-dil choor hue hain
خاموش ہیں، گو شیشہ دل چور ہوئے ہیں

Ashkon ke tapak parne se majboor hue hain
اشکوں کے ٹپک پڑنے سے مجبور ہوئے ہیں

They do not weigh the good and evil of the world;
the wise never feign so much ignorance;
for the sake of thorns they do not turn their faces toward the rose;
they do not praise the sweet song of the nightingale.
They are silent, though the glass of their hearts is shattered;
they are helpless only against the falling of their tears.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

14

Almas se behtar ye samajhte hain khazaf ko
الماس سے بہتر یہ سمجھتے ہیں خذف کو

Durr ko to ghataate hain, barhaate hain sadaf ko
در کو تو گھٹاتے ہیں، بڑھاتے ہیں صدف کو

Andher ye hai chaand bataate hain kalaf ko
اندھیر یہ ہے چاند بتاتے ہیں کلف کو

Kho dete hain sheeshe ke liye durr-e-Najaf ko
کھو دیتے ہیں شیشے کے لئے دُرِ نجف کو

Zaya hain durr-o-laal-e-Badakhshan-o-Adan ke
ضائع ہیں درو لعل بدخشاں و عدن کے

Mitti mein milaate hain jawahar ko sukhan ke
مٹی میں ملاتے ہیں جواہر کو سخن کے

They think a potsherd better than a diamond;
they belittle the pearl and make much of the shell;
the outrage is that they call the moon's dark spots the moon;
they throw away the jewel of Najaf for a piece of glass.
The pearls and rubies of Badakhshan and Aden are wasted;
they trample the jewels of speech into the dust.

15

Hai laal-o-guhar se ye dahan kaan-e-jawahar
ہے لعل و گہر سے یہ دہن کانِ جواہر

Hangaam-e-sukhan khulti hai, dukan-e-jawahar
ہنگامِ سخن کھلتی ہے، دکانِ جواہر

Hain band murassa to waraq khwan-e-jawahar
ہیں بند مرصع تو ورق خواں جواہر

Dekhe use, haan hai koi khwahan-e-jawahar
دیکھے اسے، ہاں ہے کوئی خواہانِ جواہر

Beena-e-ruqoomat-e-hunar chahiye is ko
بینائے رقومات ہنر چاہیئے اس کو

Sauda hai jawahar ka, nazar chahiye is ko
سودا ہے جواہر کا، نظر چاہیئے اس کو

With rubies and pearls this mouth is a mine of jewels;
when it speaks, a jeweller's shop opens;
the stanzas are set with gems, the pages are trays of jewels;
let him look at it: yes, is there anyone who wants jewels?
It needs one who can read the marks of skill;
this is a trade in jewels; it needs an eye.

Free to read, copy and share

16

Kya ho gaye wo jauhariyan-e-sukhan ik baar
Har waqt jo is jins ke rehte the talab gaar
Ab hai koi talib na shanasa na khareedar
Hai kaun dikhaayen kise ye gauhar-e-shahwar
Kis waqt yahan chhor ke mulk-e-adam aaye
Jab uth gaye bazaar se gaahak to hum aaye

کیا ہو گئے وہ جوہریانِ سخن اک بار
ہر وقت جو اس جنس کے رہتے تھے طلب گار
اب ہے کوئی طالب نہ شناسا نہ خریدار
ہے کون دکھائیں کسے یہ گوہرِ شہوار
کس وقت یہاں چھوڑ کے ملکِ عدم آئے
جب اٹھ گئے بازار سے گاہک تو ہم آئے

What has become, all at once, of those jewellers of speech
who were always eager for these wares?
Now there is no seeker, no connoisseur, no buyer;
who is there? To whom shall we show this royal pearl?
At what an hour we left the realm of non-being and came here!
We came when the buyers had left the market.

17

Khwahan nahin yaqoot-e-sukhan ka koi, go aaj
Hai aap ki sarkar to ya sahib-e-Meraj
Ae bais-e-ijad-e-jahan, khalq ke sartaaj
Ho jaaye ga dam bhar mein ghani banda-e-muhtaj
Ummeed isi ghar ki, waseela isi ghar ka
Daulat yahi meri, yahi tosha hai safar ka

خواہاں نہیں یاقوتِ سخن کا کوئی، گو آج
ہے آپ کی سرکار تو یا صاحبِ معراج
اے باعثِ ایجادِ جہاں، خلق کے سرتاج
ہوجائے گا دم بھر میں غنی بندۂ محتاج
امید اسی گھر کی، وسیلہ اسی گھر کا
دولت یہی میری، یہی توشہ ہے سفر کا

Though today no one seeks the ruby of speech,
there is your court, O lord of the Ascension;
O cause of the world's creation, crown of all creatures,
in a moment the needy servant will be made rich.
My hope is in this house; my means of approach is this house;
this is my wealth, this my provision for the journey.

Free to read, copy and share

18

Main kya hoon meri taba hai kya ae shah-e-shahan
میں کیا ہوں مری طبع ہے کیا اے شہِ شاہاں

Hassan-o-Farazdaq hain yahan ajiz-o-hairan
حسان و فرزدق ہیں یہاں عاجز و حیراں

Sharminda zamaane se gaye Wail-o-Sahban
شرمندہ زمانے سے گئے وائل و سحباں

Qasir hain sukhan fahm-o-sukhan sanj-o-sukhan daan
قاصر ہیں سخن فہم و سخن سنج و سخن داں

Kya madh kaf-e-khaak se ho noor-e-Khuda ki
کیا مدح کفِ خاک سے ہو نور خدا کی

Luknat yahin karti hain zabanen fusaha ki
لکنت یہیں کرتی ہیں زبانیں فصحا کی

What am I, what is my talent, O King of kings?
Here Hassan and Farazdaq are helpless and amazed;
Wail and Sahban left the world ashamed;
those who understand, weigh and know speech all fall short.
How can a handful of dust praise the light of God?
Here the tongues of the eloquent stammer.

19

La yalam-o-la ilm ki kya sehr bayani
لا یعلم و لا علم کی کیا سحر بیانی

Hazrat pe huwaida hai, meri heech madani
حضرت پہ ہویدا ہے، مری ہیچ مدانی

Na zehn mein jaudat, na tabiat mein rawani
نہ ذہن میں جودت، نہ طبیعت میں روانی

Goya hoon, faqat hai ye teri faiz rasani
گویا ہوں، فقط ہے یہ تری فیض رسانی

Main kya hoon farishton ki talaqat hai to kya hai
میں کیا ہوں فرشتوں کی طلاقت ہے تو کیا ہے

Wo khaas ye bande hain ke maddah Khuda hai
وہ خاص یہ بندے ہیں کہ مداح خدا ہے

What magic of speech can one have who knows nothing and has no learning?
My ignorance is plain to you, my lord;
there is no keenness in my mind, no flow in my nature;
if I speak at all, it is only by your bounty.
What am I? Even the eloquence of angels, what is it worth?
These are such chosen servants that God Himself is their praiser.

Free to read, copy and share

20

Tha josh kuchh aisa hi jo daawa kiya main ne
Khud sar ba gareban hoon ke, ye kya kiya main ne
Ik qatra-e-na cheez ko darya kiya main ne
Taqseer bahil kijiye, be ja kiya main ne
Haan sach hai ke itni bhi taalli na rawa thi
Maula ye kaleje ke phapholon ki dawa thi

تھا جوش کچھ ایسا ہی جو دعویٰ کیا میں نے
خود سر بہ گریباں ہوں کہ، یہ کیا کیا میں نے
اک قطرۂ نا چیز کو دریا کیا میں نے
تقصیر بحل کیجئے، بے جا کیا میں نے
ہاں سچ ہے کہ اتنی بھی تعلّی نہ روا تھی
مولا یہ کلیجے کے پھپھولوں کی دوا تھی

It was some such fervour that made me make this claim;
now I hang my head in shame: what have I done?
I have made a worthless drop into a river;
forgive my fault; I did wrong.
Yes, it is true that even this much boasting was not proper;
my master, it was a balm for the blisters of my heart.

21

Mujrim hoon, kabhi aisi khata ki nahin main ne
Bhoole se bhi aap apni sana ki nahin main ne
Dil se kabhi madh-e-umara ki nahin main ne
Taqleed-e-kalam-e-juhala ki nahin main ne
Naazaan hoon mohabbat pe Imam-e-azali ki
Saari ye taalli hai himayat se Ali ki

مجرم ہوں، کبھی ایسی خطا کی نہیں میں نے
بھولے سے بھی آپ اپنی ثنا کی نہیں میں نے
دل سے کبھی مدحِ اُمرا کی نہیں میں نے
تقلید کلامِ جہلا کی نہیں میں نے
نازاں ہوں محبت پہ امامِ ازلی کی
ساری یہ تعلّی ہے حمایت سے علیؑ کی

I am guilty, though I never committed such a fault before;
never, even by mistake, have I praised myself;
never from my heart have I praised the great men of the world;
never have I imitated the speech of the ignorant.
I take pride in the love of the eternal Imam;
all this boasting comes from the support of Ali (a).

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

22

Har chand zaban kya meri aur kya meri taqreer
ہر چند زباں کیا مری اور کیا مری تقریر

Din raat wazeefa hai sana khwani-e-Shabbir
دن رات وظیفہ ہے ثنا خوانیٔ شبیرؑ

Manzoor hai ik baab mein do fasl ki tahreer
منظور ہے اک باب میں دو فصل کی تحریر

Maula ki madad ka mutamanni hai ye dil geer
مولا کی مدد کا متمنی ہے یہ دل گیر

Ye fasl naye rang se kaaghaz pe raqam ho
یہ فصل نئے رنگ سے کاغذ پہ رقم ہو

Ik bazm ho shaadi ki to ik sohbat-e-gham ho
اک بزم ہو شادی کی تو اک صحبتِ غم ہو

However little my tongue and my speech may be worth,
my daily task, night and day, is the praise of Shabbir (a);
I mean to write two sections in one chapter;
this sorrowing one hopes for his master's help.
May this section be set down on the page in a new style:
one a gathering of joy, the other an assembly of grief.

23

Shaban ki hai tareekh-e-suwum roz-e-wiladat
شعباں کی ہے تاریخِ سویم روزِ ولادت

Aur hai daham maah-e-aza yaum-e-shahadat
اور ہے دہم ماہِ عزا یوم شہادت

Donon mein bahar haal hai tahseel-e-saadat
دونوں میں بہر حال ہے تحصیلِ سعادت

Wo bhi amal-e-khair hai ye bhi hai ibadat
وہ بھی عملِ خیر ہے یہ بھی ہے عبادت

Maddah hoon kya kuchh nahin is ghar se mila hai
مدّاح ہوں کیا کچھ نہیں اس گھر سے ملا ہے

Kausar hai sila us ka behisht us ka sila hai
کوثر ہے صلا اس کا بہشت اس کا صلا ہے

The third of Sha'ban is the day of his birth,
and the tenth of the month of mourning the day of his martyrdom;
in either case both bring blessing;
the one is a good deed, the other an act of worship.
I am a praiser of this house; what have I not received from it?
Kausar is its reward, paradise its reward.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

24

Maqbool hui gharaz, gunah afw hue sab
مقبول ہوئی غرض، گنہ عفو ہوئے سب

Ummeed bar aayi mera hasil hua matlab
امید بر آئی مرا حاصل ہوا مطلب

Shamil hua afzal-e-Muhammad karam-e-Rab
شامل ہوا افضالِ محمدؐ کرمِ رب

Hote hain alam fauj-e-mazameen ke nishan ab
ہوتے ہیں علم فوجِ مضامیں کے نشاں اب

Pasti pe hain sab rukn-e-rakeen deen-e-mateen ke
پستی پہ ہیں سب رکنِ رکیں دینِ متیں کے

Danke se hila deta hoon tabqon ko zameen ke
ڈنکے سے ہلا دیتا ہوں طبقوں کو زمیں کے

My purpose has been accepted; all my sins are forgiven;
my hope is fulfilled; I have gained my wish;
the favours of Muhammad (s) have joined the grace of the Lord;
now the standards of the army of themes are raised as banners.
All the firm pillars of the steadfast faith stand low before it;
with the beat of my drum I shake the layers of the earth.

25

Naazaan hoon inayat pe shahanshah-e-zaman ki
نازاں ہوں عنایت پہ شہنشاہِ زمن کی

Bakhshi hai raza jaiza fauj-e-sukhan ki
بخشی ہے رضا جائزہ فوجِ سخن کی

Chehre ki bahali se qaba chust hai tan ki
چہرے کی بحالی سے قبا چست ہے تن کی

Lo bartarafi par gayi mazmoon-e-kuhan ki
لو برطرفی پڑ گئی مضمون کہن کی

Ik fard paraai nahin daftar mein hamaare
اک فرد پرائی نہیں دفتر میں ہمارے

Bharti hai nayi fauj ki lashkar mein hamaare
بھرتی ہے نئی فوج کی لشکر میں ہمارے

I take pride in the kindness of the King of the age;
he has given leave to muster the army of verse;
the faces are restored, the tunics fit the bodies trimly;
see, the old themes have been dismissed.
There is not one borrowed verse in my register;
a new army has been enlisted in my host.

Free to read, copy and share

26

Haan ae falak-e-peer naye sar se jawan ho
Ae maah-e-shab-e-chaar daham noor fishan ho
Ae zulmat-e-gham deeda-e-aalam se nihan ho
Ae raushni-e-subh shab-e-eid ayan ho
Shaadi hai wiladat ki Yadullah ke ghar mein
Khursheed utarta hai shahanshah ke ghar mein

ہاں اے فلکِ پیر نئے سر سے جواں ہو
اے ماہِ شبِ چار دہم نور فشاں ہو
اے ظلمتِ غم دیدۂ عالم سے نہاں ہو
اے روشنیِ صبح شبِ عید عیاں ہو
شادی ہے ولادت کی یداللہ کے گھر میں
خورشید اترتا ہے شہنشاہ کے گھر میں

Yes, O old sky, become young again;
O moon of the fourteenth night, scatter your light;
O darkness of grief, hide yourself from the eyes of the world;
O light of morning, appear on this night of festival:
there is rejoicing for a birth in the house of the Hand of God;
the sun is coming down into the King's house.

27

Ae shams-o-qamar, aur qamar hota hai paida
Nakhl-e-chaman-e-deen ka samar, hota hai paida
Makhdooma-e-Aalam ka pisar, hota hai paida
Jo arsh ki zau hai, wo guhar hota hai paida
Har jism mein jaan aati hai mazkoor se jis ke
Nau noor-e-Khuda hon ge ayan, noor se jis ke

اے شمس و قمر، اور قمر ہوتا ہے پیدا
نخلِ چمنِ دیں کا ثمر، ہوتا ہے پیدا
مخدومۂ عالم کا پسر، ہوتا ہے پیدا
جو عرش کی ضو ہے، وہ گہر ہوتا ہے پیدا
ہر جسم میں جاں آتی ہے مذکور سے جس کے
نو نورِ خدا ہوں گے عیاں، نور سے جس کے

O sun and moon, another moon is being born;
the fruit of the palm of the garden of faith is being born;
the son of the Lady of the world is being born;
the pearl that is the radiance of the Throne is being born;
at the mention of him life enters every body;
from his light nine lights of God will be revealed.

Free to read, copy and share

28

Ae Kaaba-e-iman, teri hurmat ke din aaye
اے کعبۂ ایماں، تری حرمت کے دن آئے

Ae Rukn-e-Yamani, teri shaukat ke din aaye
اے رکنِ یمانی، تری شوکت کے دن آئے

Ae Bait-e-Muqaddas, teri izzat ke din aaye
اے بیتِ مقدس، تری عزت کے دن آئے

Ae chashma-e-Zamzam, teri chaahat ke din aaye
اے چشمۂ زمزم، تری چاہت کے دن آئے

Ae sang-e-haram, jalwa numaai hui tujh mein
اے سنگِ حرم، جلوہ نمائی ہوئی تجھ میں

Ae koh-e-Safa, aur safaai hui tujh mein
اے کوہِ صفا، اور صفائی ہوئی تجھ میں

O Kaaba of faith, the days of your sanctity have come;
O Yemeni corner, the days of your glory have come;
O Holy House of Jerusalem, the days of your honour have come;
O spring of Zamzam, the days when you are longed for have come;
O stone of the sanctuary, splendour has shone forth in you;
O mount of Safa, you have grown purer still.

29

Ae Yasrib-o-Batha, tere wali ki hai aamad
اے یثرب و بطحا، ترے والی کی ہے آمد

Ae rutba-e-aala, shah-e-aali ki hai aamad
اے رتبۂ اعلیٰ، شہہ عالی کی ہے آمد

Aalam ki taghayyuri pe bahali ki hai aamad
عالم کی تغیری پہ بحالی کی ہے آمد

Kehte hain chaman, maah-e-jalali ki hai aamad
کہتے ہیں چمن، ماہِ جلالی کی ہے آمد

Ye khana-e-Kaaba ke mubahat ke din hain
یہ خانۂ کعبہ کے مباہات کے دن ہیں

Yaqub se Yusuf ki mulaqat ke din hain
یعقوبؑ سے یوسفؑ کی ملاقات کے دن ہیں

O Yasrib and Batha, your lord is coming;
O highest rank, the noble King is coming;
after the world's decline, restoration is coming;
the gardens say, "The glorious moon is coming!"
These are the days of the Kaaba's pride;
these are the days when Joseph (a) meets Jacob (a).

Free to read, copy and share

30

Ae arz-e-Madina, tujhe fauq ab hai falak par
اے ارضِ مدینہ، تجھے فوق اب ہے فلک پر

Raunaq jo sama par hai, wo ab hogi samak par
رونق جو سما پر ہے، وہ اب ہوگی سمک پر

Khursheed mila, tera sitaara hai, chamak par
خورشید ملا، تیرا ستارہ ہے، چمک پر

Sadqe gul-e-tar hai teri phoolon ki mehak par
صدقے گلِ تر ہے تری پھولوں کی مہک پر

Par jis pe farishton ke bichhen farsh wahi hai
پر جس پہ فرشتوں کے بچھیں فرش وہی ہے

Jis khaak pe ho noor-e-Khuda arsh wahi hai
جس خاک پہ ہو نورِ خدا عرش وہی ہے

O land of Medina, now you stand higher than the sky;
the splendour that is in the heavens will now be on the earth;
you have found the sun; your star is shining;
the fresh rose would give itself for the scent of your flowers.
The ground on which the angels spread their wings is the true floor;
the dust on which the light of God rests is the true Throne.

31

Ya khatm-e-rusul gauhar-e-maqsood mubarak
یا ختمِ رسل گوہرِ مقصود مبارک

Ya noor-e-Khuda rahmat-e-Mabood mubarak
یا نورِ خدا رحمتِ معبود مبارک

Ya shah-e-Najaf shaadi-e-maulood mubarak
یا شاہِ نجف شادیِ مولود مبارک

Ya Khair-un-Nisa, akhtar-e-masood mubarak
یا خیرالنساؑ، اخترِ مسعود مبارک

Raunaq ho sada noor dobala rahe ghar mein
رونق ہو سدا نور دوبالا رہے گھر میں

Is maah-e-do hafta ka ujaala rahe ghar mein
اس ماہِ دو ہفتہ کا اجالا رہے گھر میں

O Seal of the Messengers, blessings on this pearl of your desire!
O light of God, blessings on this mercy of the One we worship!
O King of Najaf, blessings on the joy of this birth!
O Khair-un-Nisa (a), blessings on this star of good fortune!
May the house always be bright, may its light be doubled;
may the light of this full moon stay in the house.

Free to read, copy and share

32

Ae ummatiyo hai ye dam-e-shukr guzaari
اے امتیو ہے یہ دم شکر گزاری

Har baar karo sajda-e-shukriya-e-Bari
ہر بار کرو سجدۂ شکریۂ باری

Allah ne hal kar diya mushkil ko tumhaari
اللہ نے حل کر دیا مشکل کو تمہاری

Farden amal-e-zisht ki ab chaak hain saari
فردیں عملِ زشت کی اب چاک ہیں ساری

Likhe gaye bandon mein wali ibn-e-wali ke
لکھے گئے بندوں میں ولی ابن ولی کے

Naji hue sadqe se Husain ibn-e-Ali ke
ناجی ہوئے صدقے سے حسینؓ ابن علیؓ کے

O community of believers, this is the moment for giving thanks;
bow again and again in thankful prostration to the Creator;
Allah has solved your difficulty;
the registers of your evil deeds are now all torn up;
you have been written among the servants of the friend of God, son of the friend of God;
you have been saved for the sake of Husain, son of Ali.

33

Ae maah-e-muazzam tere iqbal ke sadqe
اے ماہِ معظم ترے اقبال کے صدقے

Shaukat ke fida azmat-o-ijlal ke sadqe
شوکت کے فدا عظمت و اجلال کے صدقے

Utri barkat, Fatima ke laal ke sadqe
اتری برکت، فاطمہ کے لال کے صدقے

Jis saal ye paida hue us saal ke sadqe
جس سال یہ پیدا ہوئے اس سال کے صدقے

Qurbaan sahar-e-eid agar ho to baja hai
قرباں سحر عید اگر ہو تو بجا ہے

Nauroz bhi is shab ki buzurgi par fida hai
نو روز بھی اس شب کی بزرگی پر فدا ہے

O great month, I give my life for your good fortune,
for your glory, your greatness and your majesty!
Blessing has come down; I give my life for Fatima's son!
I give my life for the year in which he was born!
If the morning of Eid were sacrificed for this night, that would be fitting;
even Nowruz gives itself for the greatness of this night.

Free to read, copy and share

34

Qurbaan shab-e-juma, Shaban-e-khush anjam
قربان شبِ جمعہ، شعبانِ خوش انجام

Paida hua jis shab ko Muhammad ka gul andam
پیدا ہوا جس شب کو محمدؐ کا گل اندام

Qaim hua deen aur barhi raunaq-e-Islam
قائم ہوا دیں اور بڑھی رونقِ اسلام

Ham palla-e-subh-e-shab-e-Meraj thi wo shaam
ہم پلّۂ صبحِ شبِ معراج تھی وہ شام

Khursheed ka ijlal-o-sharaf badr se poochho
خورشید کا اجلال و شرف بدر سے پوچھو

Kya qadr thi is shab ki Shab-e-Qadr se poochho
کیا قدر تھی اس شب کی شبِ قدر سے پوچھو

I give my life for that Friday night of blessed Sha'ban,
the night on which Muhammad's (s) flower-bodied one was born;
the faith was established and the splendour of Islam increased;
that evening was the equal of the morning after the Night of Ascension.
Ask the full moon about the majesty and honour of the sun;
ask the Night of Power what worth that night had.

35

Wo noor-e-qamar aur durr afshani-e-anjum
وہ نورِ قمر اور در افشانیٔ انجم

The jis ke sabab raushni-e-deeda-e-mardum
تھے جس کے سبب روشنی دیدۂ مردم

Wo chahchahe Rizwan ke, wo hooron ka tabassum
وہ چہچہے رضواں کے، وہ حوروں کا تبسم

Aapas mein wo hans hans ke farishton ka takallum
آپس میں وہ ہنس ہنس کے فرشتوں کا تکلم

Mikail shagufta hue jaate the khushi se
میکال شگفتہ ہوئے جاتے تھے خوشی سے

Jibreel to phoole na samaate the khushi se
جبریل تو پھولے نہ سماتے تھے خوشی سے

That moonlight, and the stars scattering pearls,
by which the eyes of men were lit;
that singing of Rizwan, those smiles of the houris,
that laughing talk of the angels among themselves;
Michael was blossoming with joy;
as for Gabriel, he could not contain himself for joy.

Free to read, copy and share

36

Raushan tha Madine ka har ik koocha-o-bazaar
روشن تھا مدینے کا ہر اک کوچہ و بازار

Jo raah thi khushboo, jo mahalla tha wo gulzar
جو راہ تھی خوشبو، جو محلہ تھا وہ گلزار

Khole hue tha aahu-e-shab nafa-e-Tatar
کھولے ہوئے تھا آہوئے شب نافۂ تاتار

Maloom ye hota tha ke phoolon ka hai ambar
معلوم یہ ہوتا تھا کہ پھولوں کا ہے انبار

Gardoon ko bhi ik rashk tha zeenat pe zameen ki
گردوں کو بھی اک رشک تھا زینت پہ زمیں کی

Har ghar mein hawa aati thi Firdaus-e-bareen ki
ہر گھر میں ہوا آتی تھی فردوس بریں کی

Every lane and market of Medina was alight;
every road was fragrance, every quarter a rose garden;
the deer of night had opened its musk-pod of Tartary;
it seemed as though there were heaps of flowers.
Even the sky envied the adornment of the earth;
into every house came the breeze of highest paradise.

37

Kya shab thi wo masood-o-humayun-o-muazzam
کیا شب تھی وہ مسعود و ہمایون و معظم

Rukh rahmat-e-Mabood ka tha janib-e-aalam
رخ رحمتِ معبود کا تھا جانبِ عالم

Jibreel-o-Sarafeel ko mohlat na thi ik dam
جبریل و سرافیل کو مہلت نہ تھی اک دم

Bala-e-zameen aate the aur jaate the baham
بالائے زمیں آتے تھے اور جاتے تھے باہم

Bashindon ki Yasrib ke khabar thi na gharon ki
باشندوں کی یثرب کے خبر تھی نہ گھروں کی

Sab sunte the aawaz farishton ke paron ki
سب سنتے تھے آواز فرشتوں کے پروں کی

What a night it was, fortunate, auspicious and great!
The face of the mercy of the One we worship was turned toward the world;
Gabriel and Israfeel had not a moment's rest;
together they came down to the earth and went back up.
The people of Yasrib were heedless of themselves and of their houses;
all of them heard the sound of the angels' wings.

Free to read, copy and share

38

Thin Fatima bechain idhar dard-e-shikam se
Munh faq tha aur aansoo the rawan deeda-e-nam se
Wabasta thi raahat jo isi bibi ke dam se
Muztar the Ali bint-e-Payambar ke alam se
Aaraam tha ik dam na shah-e-qila shikan ko
Phirte the lagaaye hue chhaati se Hasan ko

تھیں فاطمہؑ بے چین ادھر دردِ شکم سے
منہ فق تھا اور آنسو تھے رواں دیدۂ نم سے
وابستہ تھی راحت جو اسی بی بی کے دم سے
مضطر تھے علیؑ بنتِ پیمبرؐ کے الم سے
آرام تھا اک دم نہ شہِ قلعہ شکن کو
پھرتے تھے لگائے ہوئے چھاتی سے حسنؑ کو

Here Fatima was restless with the pains of labour;
her face was pale, and tears flowed from her wet eyes.
Since all comfort depended on that lady's life,
Ali was distraught at the pain of the Prophet's (s) daughter;
the King who broke the fortress had not a moment's rest;
he walked about holding Hasan (a) to his breast.

39

Karte the dua badshah-e-Yasrib-o-Batha
Rahim hai teri zaat-e-muqaddas mere Maula
Zahra hai kaneez aur mera bachcha tera banda
Aasaan kar ae Bar-e-Khuda mushkil-e-Zahra
Nadar hai aur faaqa kash-o-zaar-o-hazeen hai
Madar bhi tashaffi ke liye paas nahin hai

کرتے تھے دعا بادشہِ یثرب و بطحا
راحم ہے تری ذاتِ مقدس مرے مولا
زہرا ہے کنیز اور مرا بچہ ترا بندا
آسان کر اے بار خدا مشکل زہرا
نادار ہے اور فاقہ کش و زار و حزیں ہے
مادر بھی تشفی کے لئے پاس نہیں ہے

The King of Yasrib and Batha was praying,
"Your holy Self is merciful, my Master;
Zahra is Your handmaid, and my child is Your servant;
O Lord God, make Zahra's ordeal easy;
she is poor, hungry, sorrowful and grieving;
she has no mother beside her to comfort her."

Free to read, copy and share

40

Nagah dar-e-hujra hua matla-e-anwar — ناگاہ درِ حجرہ ہوا مطلع انوار

Dikhlaane lage noor-e-tajalli dar-o-deewar — دکھلانے لگے نور تجلی در و دیوار

Asma ne Ali se ye kaha daur ke ik baar — اسما نے علی سے یہ کہا دوڑ کے اک بار

Farzand mubarak tumhen ya Haidar-e-Karrar — فرزند مبارک تمہیں یا حیدر کرار

Ispand karo Fatima ke maah-e-jabeen par — اسپند کرو فاطمہ کے ماہِ جبیں پر

Farzand nahin chaand ye utra hai zameen par — فرزند نہیں چاند یہ اترا ہے زمیں پر

Suddenly the door of the chamber became a dawning-place of lights;
the doors and walls began to show the light of God's manifestation;
Asma ran at once and said to Ali,
"Blessings on your son, O Haidar-e-Karrar!
Burn rue over Fatima's moon-browed child;
this is no son: it is the moon come down to earth."

41

Dekha nahin is tarah ka chehra kabhi pyaara — دیکھا نہیں اس طرح کا چہرا کبھی پیارا

Naqsha hai Muhammad se shahanshah ka saara — نقشہ ہے محمدؐ سے شہنشاہ کا سارا

Maathe pe chamakta hai jalalat ka sitaara — ماتھے پہ چمکتا ہے جلالت کا ستارا

Allah ne is ghar mein ajab chaand utaara — اللہ نے اس گھر میں عجب چاند اتارا

Tasweer-e-Rasool-e-Arabi dekh rahe hain — تصویرِ رسولِ عربیؐ دیکھ رہے ہیں

Aankhon ki hai gardish ke Nabi dekh rahe hain — آنکھوں کی ہے گردش کہ نبی دیکھ رہے ہیں

Never has so lovely a face been seen;
the King's whole likeness is drawn from Muhammad (s);
on his forehead shines the star of majesty;
Allah has sent down a wondrous moon into this house.
They are looking at the very image of the Arabian Messenger (s);
the movement of his eyes is as if the Prophet were looking.

Free to read, copy and share

42

Muzhda ye suna Ahmad-e-Mukhtar ne jis dam
مژدہ یہ سنا احمدؐ مختار نے جس دم

Pas shukr ke sajde ko gire qibla-e-aalam
پس شکر کے سجدے کو گرے قبلۂ عالم

Aaye taraf-e-khana-e-Zahra khush-o-khurram
آئے طرفِ خانۂ زہرا خوش و خرم

Farmaya mubarak pisar ae sani-e-Maryam
فرمایا مبارک پسر اے ثانیِ مریم

Chehra mujhe dikhla do mere noor-e-nazar ka
چہرہ مجھے دکھلادو مرے نورِ نظر کا

Tukra hai ye farzand-e-Muhammad ke jigar ka
ٹکڑا ہے یہ فرزندِ محمدؐ کے جگر کا

The moment Ahmad (s), the Chosen One, heard this glad news,
the qibla of the world fell down in a prostration of thanks;
glad and joyful, he came toward Zahra's house
and said, "Blessed be your son, O second Mary!
Show me the face of the light of my eyes;
he is a piece of the heart of Muhammad's (s) child."

43

Ki arz ye Asma ne ke ae khasa-e-Dawar
کی عرض یہ اسما نے کہ اے خاصۂ داور

Nahla loon to le aaun ise hujre se baahar
نہلا لوں تو لے آؤں اسے حجرے سے باہر

Irshad kiya Ahmad-e-Mukhtar ne hans kar
ارشاد کیا احمدِؐ مختار نے ہنس کر

Le aa ke nawasa hai mera tahir-o-athar
لے آ کہ نواسا ہے مرا طاہر و اطہر

Is chaand ko taj-e-sar-e-aflak kiya hai
اس چاند کو تاجِ سرِ افلاک کیا ہے

Ye wo hai, Khuda ne jise khud pak kiya hai
یہ وہ ہے، خدا نے جسے خود پاک کیا ہے

Asma said, "O chosen one of the Sovereign,
let me bathe him, and then I will bring him out of the chamber."
Ahmad (s), the Chosen One, said with a smile,
"Bring him; my grandson is pure and most pure;
this moon has been made the crown on the head of the heavens;
he is the one whom God Himself has made pure.

Free to read, copy and share

44

Main is se hoon aur mujh se hai ye to nahin baahar
میں اس سے ہوں اور مجھ سے ہے یہ تو نہیں باہر

Ye noor-e-ilahi hai ye hai tayyib-o-tahir
یہ نورِ الٰہی ہے یہ ہے طیب و طاہر

Asrar jo makhfi hain wo ab hoen ge zahir
اسرار جو مخفی ہیں وہ اب ہوئیں گے ظاہر

Ye ayat-e-iman hai ye hai hujjat-e-bahir
یہ آیتِ ایماں ہے یہ ہے حجتِ باہِر

Barh kar madad-e-Sayyid-e-Laulak kare ga
بڑھ کر مدد سید لولاک کرے گا

Kuffar ke qisse ko yahi pak kare ga
کفار کے قصے کو یہی پاک کرے گا

"I am from him and he is from me; he is no stranger to me;
he is the divine light; he is good and pure;
the secrets that are hidden will now be made plain;
he is a sign of faith; he is a clear proof;
he will step forward to help the Master of Laulak;
it is he who will settle the matter of the unbelievers."

45

Jis dam ye khabar mukhbir-e-sadiq ne sunaai
جس دم یہ خبر مخبر صادق نے سنائی

Asma use ik parcha-e-narm pe laai
اسما اسے اک پارچۂ نرم پہ لائی

Boo is gul-e-taaza ki Muhammad ne jo paai
بو اس گلِ تازہ کی محمدؐ نے جو پائی

Hansne lage, surkhi rukh-e-pur noor pe aai
ہنسنے لگے، سرخی رخِ پرنور پہ آئی

Munh chaand sa dekha jo Rasool-e-Arabi ne
منہ چاند سا دیکھا جو رسولِؐ عربی نے

Lipta liya chhaati se nawase ko Nabi ne
لپٹا لیا چھاتی سے نواسے کو نبیؐ نے

When the truthful bearer of news had said this,
Asma brought the child on a soft piece of cloth;
when Muhammad (s) caught the scent of that fresh flower,
he began to smile, and a flush came over his radiant face;
when the Arabian Messenger (s) saw that moon-like face,
the Prophet (s) clasped his grandson to his breast.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

46

Jaan aa gayi Yaqub ne Yusuf ko jo paaya
جاں آگئی یعقوبؑ نے یوسفؑ کو جو پایا

Quran ki tarah rahl-e-do zanu pe bithaaya
قرآں کی طرح رحلِ دو زانو پہ بٹھایا

Munh malne lage munh se bahut pyaar jo aaya
منہ ملنے لگے منہ سے بہت پیار جو آیا

Bose liye aur haathon ko aankhon se lagaaya
بوسے لئے اور ہاتھوں کو آنکھوں سے لگایا

Dil hil gaya ki jab ke nazar seena-o-sar par
دل ہل گیا کی جب کہ نظر سینہ و سر پر

Chooma jo gala, chal gayi talwar jigar par
چوما جو گلا، چل گئی تلوار جگر پر

Life came back to him, as to Jacob (a) when he found Joseph (a);
he set the child on the lectern of his knees, as one sets the Quran;
great love welled up, and he pressed his face to the child's face;
he kissed him, and pressed his hands to his own eyes.
His heart shook when he looked at the chest and the head;
when he kissed the throat, a sword ran through his heart.

47

Josh aaya tha rone ka magar thaam ke riqqat
جوش آیا تھا رونے کا مگر تھام کے رقت

Is kaan mein farmaai azan us mein iqamat
اس کان میں فرمائی اذاں اس میں اقامت

Haidar se ye farmaya ke ae shah-e-wilayat
حیدر سے یہ فرمایا کہ اے شاہِ ولایت

Kyun tum ne bhi dekhi mere farzand ki surat
کیوں تم نے بھی دیکھی مرے فرزند کی صورت

Pur noor hai ghar, tu ko mila hai qamar aisa
پر نور ہے گھر، تو کو ملا ہے قمر ایسا

Duniya mein kisi ne nahin paaya pisar aisa
دنیا میں کسی نے نہیں پایا پسر ایسا ہے

A surge of weeping rose in him, but holding back his tears
he recited the call to prayer in one ear and the iqama in the other.
He said to Haidar, "O King of divine guardianship,
have you too seen my son's face?
The house is full of light: you have been given such a moon;
no one in the world has ever had such a son.

Free to read, copy and share

48

Kyun kar na ho tum sa pidar aur Fatima si maan
کیوں کر نہ ہو تم سا پدر اور فاطمہؑ سی ماں

Do shams-o-qamar ka hai ye ik nayyir-e-taban
دو شمس و قمر کا ہے یہ اک نیر تاباں

Ki arz ye Haidar ne ke ae qibla-e-iman
کی عرض یہ حیدر نے کہ اے قبلۂ ایماں

Haq is pe rakhe saaya-e-Paighambar-e-zi shan
حق اس پہ رکھے سایہ پیغمبر ذی شاں

Aala hai wo sab se jo maqam-e-shah-e-deen hai
اعلیٰ ہے وہ سب سے جو مقامِ شہ دیں ہے

Banda hoon main aur ye bhi
ghulam-e-shah-e-deen hai
بندہ ہوں میں اور یہ بھی غلامِ شہ دیں ہے

"How could it be otherwise, with a father like you and a mother like Fatima?
Of these two, the sun and the moon, he is the one shining star."
Haidar replied, "O qibla of faith,
may God keep over him the shadow of the glorious Prophet!
Higher than all is the station of the King of the faith;
I am a servant, and he too is a slave of the King of the faith.

49

Aalam mein hai ye sab barkat aap ke dam se
عالم میں ہے یہ سب برکت آپ کے دم سے

Sarsabzi-e-duniya hai isi abr-e-karam se
سرسبزی دنیا ہے اسی ابر کرم سے

Ta arsh pahunch jaata hai sar faiz-e-qadam se
تا عرش پہونچ جاتا ہے سر فیضِ قدم سے

Izzat hai ghulamon ki shahanshah-e-umam se
عزت ہے غلاموں کی شہنشاہ امم سے

Kuchh is mein na Zahra ka hai bais na Ali ka
کچھ اس میں نہ زہرا کا ہے باعث نہ علی کا

Sab hai ye buzurgi ke nawasa hai Nabi ka
سب ہے یہ بزرگی کہ نواسا ہے نبی کا

"All this blessing in the world comes from your breath;
the greenness of the world comes from this very cloud of grace;
by the bounty of your footsteps a head reaches up to the Throne;
slaves have their honour from the King of the nations;
none of this is owing to Zahra or to Ali;
all this greatness is because he is the Prophet's grandson."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

50

Farmaane lage hans ke shah-e-Yasrib-o-Batha
فرمانے لگے ہنس کے شہِ یثرب و بطحا

Bhai kaho farzand ka kuchh naam bhi rakha
بھائی کہو فرزند کا کچھ نام بھی رکھا

Ki arz ye Haidar ne ke ae Sayyid-e-wala
لی عرض یہ حیدر نے کہ اے سید والا

Sabqat karoon main Hazrat pe, ye maqdoor hai mera
سبقت کروں میں حضرت پہ، یہ مقدور ہے میرا

Farmaya ke mauquf hai ye Rab-e-ula par
فرمایا کہ موقوف ہے یہ ربِّ عُلا پر

Main bhi sabqat kar nahin sakta hoon Khuda par
میں بھی سبقت کر نہیں سکتا ہوں خدا پر

The King of Yasrib and Batha said with a smile,
"Brother, tell me, have you given your son a name?"
Haidar replied, "O exalted Master,
that I should go before the revered one: is that in my power?"
He said, "It rests with the Lord most high;
even I cannot go before God."

51

Bas itne mein nazil hue Jibreel khush anjam
بس اتنے میں نازل ہوئے جبریل خوش انجام

Ki arz ke farmaata hai ye Khaliq-e-allam
لی عرض کہ فرماتا ہے یہ خالقِ علام

Pyaara hai nihayat hamen Zahra ka gul andam
پیارا ہے نہایت ہمیں زہرا کا گل اندام

Ya khatm-e-rusul hum ne "Husain" is ka rakha naam
یا ختمِ رسل ہم نے ''حسین'' اس کا رکھا نام

Ye husn mein sardar-e-haseenan-e-zaman hai
یہ حسن میں سردار حسینانِ زمن ہے

Mushtaq hai to ehsan se tasgheer-e-Hasan hai
مشتق ہے تو احسان سے تصغیر حسن ہے

At that very moment the auspicious Gabriel came down
and said, "Thus says the all-knowing Creator:
Zahra's flower-bodied child is most dear to Us;
O Seal of the Messengers, We have named him 'Husain'.
In beauty he is the chief of all the beautiful of the age;
if derived, the name comes from ihsan; it is the diminutive of Hasan.

Free to read, copy and share

52

He se ye ishara ke ye hai hami-e-ummat
ح سے یہ اشارہ کہ یہ ہے حامیِ امت

Samjhen ge isi seen ko sab seen-e-saadat
سمجھیں گے اسی سین کو سب سینِ سعادت

Ya is ki buzurgi mein Yaseen ki ayat
یَ اس کی بزرگی میں یٰسین کی آیت

Hai noon se zahir ke ye hai noor-e-nubuwwat
ہے نون سے ظاہر کہ یہ ہے نورِ نبوت

Naji hai wo is naam ko le ...
ناجی ہے وہ اس نام کو لے ...

Ye husn mein das hisse ziyada hai Hasan se
یہ حسن میں دس حصے زیادہ ہے حسن سے

"The Ha signifies that he is the protector of the community;
all will take this Seen as the Seen of saadat, good fortune;
the Ya, for his greatness, is the verse of Ya Seen;
the Noon makes plain that he is the light of prophethood;
saved is he who takes this name [...];
in beauty he exceeds Hasan by ten parts.

53

Do noor ke darya ko jo hum ne kiya ik ja
دو نور کے دریا کو جو ہم نے کیا اک جا

Tab is se hua gauhar-e-nayab ye paida
تب اس سے ہوا گوہرِ نایاب یہ پیدا

Tauqeer mein be misl, shujaat mein hai yakta
توقیر میں بے مثل، شجاعت میں ہے یکتا

Ab aur na ho ga koi is husn ka larka
اب اور نہ ہو گا کوئی اس حسن کا لڑکا

Hum jaante hain jo nahin zahir hai kisi par
ہم جانتے ہیں جو نہیں ظاہر ہے کسی پر

Kaam is se jo lena hai wo hai khatm isi par
کام اس سے جو لینا ہے وہ ہے ختم اسی پر

"When We brought the two rivers of light together in one place,
then from them this rare pearl was born,
peerless in honour, unique in courage;
there will never be another boy of such beauty.
We know what is plain to no one;
the work We will take from him ends with him.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

54

Fayyaz ne kaunain ki daulat use di hai
Di hai jo Ali ko wo shujaat use di hai
Sabr is ko inayat kiya, izzat use di hai
In sab ke siwa apni mohabbat use di hai
Aala hai, muazzam hai, mukarram hai, wali hai
Hadi hai, wafadar hai, zahid hai sakhi hai

فیاض نے کونین کی دولت اسے دی ہے
دی ہے جو علیؑ کو وہ شجاعت اسے دی ہے
صبر اس کو عنایت کیا، عزت اسے دی ہے
ان سب کے سوا اپنی محبت اسے دی ہے
اعلیٰ ہے، معظم ہے، مکرم ہے، ولی ہے
ہادی ہے، وفادار ہے، زاہد ہے سخی ہے

"The Bountiful One has given him the riches of both worlds;
the courage He gave to Ali He has given to him;
He has granted him patience, He has given him honour;
and beyond all this He has given him His own love.
He is exalted, revered, honoured, a friend of God;
a guide, faithful, abstinent and generous."

55

Jab kar chuke zikr-e-karam Malik-e-taqdeer
Jibreel ne paas aan ke dekha rukh-e-Shabbir
Ki salli ala keh ke Muhammad se ye taqreer
Ya shah, ye mahroo to hai saaf aap ki tasweer
Jab ke hai ziyarat pa-e-taslim jhuke hain
Is noor ko hum arsh pe bhi dekh chuke hain

جب کر چکے ذکرِ کرم مالکِ تقدیر
جبریلؑ نے پاس آن کے دیکھا رخِ شبیرؑ
لی صلِّ علیٰ کہہ کے محمدؐ سے یہ تقریر
یا شاہ، یہ مہرو تو ہے صاف آپ کی تصویر
جب کہ ہے زیارت پئے تسلیم جھکے ہیں
اس نور کو ہم عرش پہ بھی دیکھ چکے ہیں

When the Master of destiny had finished telling of His favour,
Gabriel (a) came close and looked at the face of Shabbir (a);
with a 'Salli ala' he spoke thus to Muhammad (s):
"O King, this moon-faced child is plainly your very image;
since this is a visit of homage, we have bowed in salutation;
we have seen this light on the Throne as well.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

56

Hai is pe azal se nazar-e-rahmat-e-Mabood
ہے اس پہ ازل سے نظرِ رحمتِ معبود

Ye peshtar Adam se bhi tha arsh pe maujood
یہ پیشتر آدم سے بھی تھا عرش پہ موجود

Hai zaat-e-Khuda sahib-e-faiz-o-karam-o-jood
ہے ذاتِ خدا صاحبِ فیض و کرم و جود

Tha khalq-e-do aalam se yahi matlab-o-maqsood
تھا خلق دو عالم سے یہی مطلب و مقصود

Mazloomi-o-ghurbat hai ajab naam pe is ke
مظلومی و غربت ہے عجب نام پہ اس کے

Sab rote hain aur royen ge anjam pe is ke
سب روتے ہیں اور روئیں گے انجام پہ اس کے

"From eternity the gaze of the mercy of the One we worship has rested on him;
even before Adam he was present on the Throne;
God's own Being is rich in bounty, grace and generosity;
he was the aim and purpose of the creation of the two worlds.
Strange oppression and exile are bound up with his name;
all weep, and all will weep, at his end.

57

Ye hai sabab-e-tahniyat-o-taziyat is dam
یہ ہے سبب تہنیت و تعزیت اس دم

Hai shaadi-o-gham gulshan-e-ijad mein tauam
ہے شادی و غم گلشن ایجاد میں توام

Liptaaye hain chhaati se jise qibla-e-aalam
لپٹائے ہیں چھاتی سے جسے قبلۂ عالم

Be jurm-o-khata zibah karen ge use azlam
بے جرم و خطا ذبح کریں گے اسے اظلم

Gar hashr bhi hoga to ye aafat na tale gi
گر حشر بھی ہوگا تو یہ آفت نہ ٹلے گی

Sajde mein chhuri halq-e-mubarak pe chale gi
سجدے میں چھری حلقِ مبارک پہ چلے گی

"This is why there is congratulation and condolence at this moment:
joy and grief are twins in the garden of creation.
The one whom the qibla of the world now holds to his breast
the most unjust will slaughter, for no crime or fault;
even if the Resurrection came, this calamity would not be turned aside;
the knife will be drawn across his blessed throat as he prostrates.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

58

Hoga ye Muharram mein sitam ae shah-e-zi jaah
ہوگا یہ محرم میں ستم اے شہہ ذی جاہ

Chhup jaaye ga aankhon se isi chaand mein ye maah
چھپ جائے گا آنکھوں سے اسی چاند میں یہ ماہ

Tarikh-e-daham juma ke din asr ke waqt aah
تاریخ دہم جمعہ کے دن عصر کے وقت آہ

Neze pe charhaayen ge sar-e-pak ko gumraah
نیزے پہ چڑھائیں گے سرِ پاک کو گمراہ

Kat jaaye jab sar to sitam laash pe hon ge
کٹ جائے جب سر تو ستم لاش پہ ہوں گے

Ghoron ke qadam seena-e-sad pash pe hon ge
گھوڑوں کے قدم سینۂ صد پاش پہ ہوں گے

"This cruelty will come to pass in Muharram, O King of high rank;
in that very month this moon will be hidden from sight;
on the tenth day, a Friday, at the hour of the afternoon prayer, alas,
the misguided will raise his pure head on a spear;
when the head has been cut off, they will do cruel things to the body;
the hooves of horses will be on his chest, broken in a hundred places."

59

Chillaaye Muhammad ke main bismil hua bhai
چلائے محمد کہ میں بسمل ہوا بھائی

Ae waaye akhi kya ye khabar mujh ko sunaai
اے وائے اخی کیا یہ خبر مجھ کو سنائی

Dil hil gaya barchhi si kaleje mein dar aai
دل ہل گیا برچھی سی کلیجے میں در آئی

Ye waqia sun kar na jiye gi meri jaai
یہ واقعہ سن کر نہ جئے گی مری جائی

Mumkin nahin duniya mein dawa zakhm-e-jigar ki
ممکن نہیں دنیا میں دوا زخمِ جگر کی

Kyun kar kahoon Zahra se khabar marg-e-pisar ki
کیوں کر کہوں زہرا سے خبر مرگِ پسر کی

Muhammad cried out, "Brother, I am wounded to death!
Alas, brother, what news is this you have brought me?
My heart shook, as if a lance had pierced my breast;
my daughter will not survive when she hears of this;
there is no cure in the world for a wound of the heart;
how can I tell Zahra the news of her son's death?"

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

60

Jis waqt suni Fatima ne ye khabar-e-gham
جس وقت سنی فاطمہؑ نے یہ خبرِ غم

Shaadi mein wiladat ki bapa ho gaya matam
شادی میں ولادت کی بپا ہوگیا ماتم

Chillaati thi sar peet ke wo sani-e-Maryam
چلاتی تھی سر پیٹ کے وہ ثانیِ مریم

Beti pe chhuri chal gayi ya Sayyid-e-aalam
بیٹی پہ چھری چل گئی یا سیدِ عالم

Khanjar ke tale chaand si tasweer ki gardan
خنجر کے تلے چاند سی تصویر کی گردن

Kat jaaye gi hai hai mere Shabbir ki gardan
کٹ جائے گی ہے ہے مرے شبیر کی گردن

When Fatima heard this grievous news,
in the rejoicing for the birth, mourning broke out;
that second Mary beat her head and cried,
"The knife has fallen on your daughter, O Master of the world!
The neck of this moon-like image beneath the dagger!
Alas, alas, my Shabbir's neck will be cut!

61

Hai hai kai din tak na mile ga use paani
ہے ہے کئی دن تک نہ ملے گا اسے پانی

Hai hai ye sahe ga taab-e-tishna dahani
ہے ہے یہ سہے گا تعبِ تشنہ دہانی

Ho jaayen ge ik jaan ke sab dushman-e-jaani
ہو جائیں گے اِک جان کے سب دشمنِ جانی

Hai hai mera mahboob, mera Yusuf-e-sani
ہے ہے مرا محبوب، مرا یوسفِ ثانی

Pairahan-e-sad chaak kafan howe ga us ka
پیراہنِ صد چاک کفن ہووے گا اس کا

Sar neza pe aur khaak pe tan howe ga us ka
سر نیزہ پہ اور خاک پہ تن ہوے گا اس کا

"Alas, for days he will be given no water;
alas, he will bear the torment of a parched mouth;
all will become the mortal enemies of one lone soul;
alas, my beloved, my second Joseph!
His shirt, torn in a hundred places, will be his shroud;
his head will be on a spear, and his body in the dust.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

62

Sabr apna dikhaane ko ye aaye hain jahan mein
صبر اپنا دکھانے کو یہ آئے ہیں جہاں میں

Yun khalq se jaane ko ye aaye hain jahan mein
یوں خلق سے جانے کو یہ آئے ہیں جہاں میں

Jangal ke basaane ko ye aaye hain jahan mein
جنگل کے بسانے کو یہ آئے ہیں جہاں میں

Ammaan ke rulaane ko ye aaye hain jahan mein
اماں کے رلانے کو یہ آئے ہیں جہاں میں

Hum chaand si surat pe na shaida hue hote
ہم چاند سی صورت پہ نہ شیدا ہوئے ہوتے

Ae kaash mere ghar mein na paida hue hote
اے کاش مرے گھر میں نہ پیدا ہوئے ہوتے

"He has come into the world to show his patience;
he has come into the world to leave it in such a way;
he has come into the world to people the wilderness;
he has come into the world to make his mother weep.
Would that I had not lost my heart to that moon-like face;
would that he had not been born in my house!

63

Duniya mujhe andher hai is gham ki khabar se
دنیا مجھے اندھیر ہے اس غم کی خبر سے

Sholon ki tarah aah nikalti hai jigar se
شعلوں کی طرح آہ نکلتی ہے جگر سے

Daaman pe tapakta hai lahu deeda-e-tar se
دامن پہ ٹپکتا ہے لہو دیدۂ تر سے

Bas aaj safar kar gayi shaadi mere ghar se
بس آج سفر کر گئی شادی مرے گھر سے

Jis waqt talak jeeti hoon matam mein rahoon gi
جس وقت تلک جیتی ہوں ماتم میں رہوں گی

Mazloom Husain aaj se is ko main kahoon gi
مظلوم حسینؓ آج سے اس کو میں کہوں گی

"The world is dark to me at the news of this grief;
sighs rise from my heart like flames;
blood drips onto my lap from my wet eyes;
today joy has departed from my house.
As long as I live I shall remain in mourning;
from today I shall call him 'the wronged Husain'.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

64

Beti ko ye maloom na tha ya shah-e-aalam
بیٹی کو یہ معلوم نہ تھا یا شہِ عالم

Bichhe gi zachcha khane ke andar saf-e-matam
بچھے گی زچہ خانے کے اندر صفِ ماتم

Ab din hai chhati ka mujhe Ashur-e-Muharram
اب دن ہے چھٹی کا مجھے عاشورِ محرم

Taare bhi na dekhe the ke toota falak-e-gham
تارے بھی نہ دیکھے تھے کہ ٹوٹا فلک غم

Poshaak na badloon gi na sar dhoun gi baba
پوشاک نہ بدلوں گی نہ سر دھوؤں گی بابا

Chille mein bhi chehlum ki tarah roun gi baba
چلے میں بھی چہلم کی طرح روؤں گی بابا

"Your daughter did not know, O King of the world,
that a mourning assembly would be laid out in the lying-in chamber;
now the day of the sixth-day feast is for me the Ashura of Muharram;
I had not yet even seen the stars when the sky of grief fell on me.
I shall not change my clothes nor wash my hair, father;
through my forty days I shall weep as at a fortieth-day mourning, father.

65

Haidar hai kahan aa ke dilaasa nahin dete
حیدر ہے کہاں آ کے دلاسا نہیں دیتے

Zahra ka bura haal hai samjha nahin dete
زہراؑ کا برا حال ہے سمجھا نہیں دیتے

Is zakhm ka marham mujhe batla nahin dete
اس زخم کا مرہم مجھے بتلا نہیں دیتے

Hai hai mujhe farzand ka pursa nahin dete
ہے ہے مجھے فرزند کا پرسا نہیں دیتے

Hujre mein alag baithe hain kyun chhor ke ghar ko
حجرے میں الگ بیٹھے ہیں کیوں چھوڑ کے گھر کو

Aawaz to sunti hoon ke rote hain pisar ko
آواز تو سنتی ہوں کہ روتے ہیں پسر کو

"Where is Haidar? He does not come to comfort me;
Zahra is in a sorry state, and he does not console her;
he does not tell me the salve for this wound;
alas, he does not offer me condolence for my son.
Why does he sit apart in his chamber, leaving the house?
I hear his voice: he is weeping for his son."

Free to read, copy and share

66

Phir dekh ke farzand ki surat ye pukaari
پھر دیکھ کے فرزند کی صورت یہ پکاری

Ae mere shaheed ae mere bekas tere waari
اے میرے شہید اے مرے بیکس ترے واری

Haan baad mere zibah karen ge tujhe nari
ہاں بعد مرے ذبح کریں گے تجھے ناری

Banti hoon abhi se main azadar tumhaari
بنتی ہوں ابھی سے میں عزادار تمہاری

Dil aur kisi shughl mein masroof na ho ga
دل اور کسی شغل میں مصروف نہ ہو گا

Bas aaj se rona mera mauquf na ho ga
بس آج سے رونا مرا موقوف نہ ہو گا

Then, looking at her son's face, she cried,
"O my martyr, O my forsaken one, I would give myself for you!
Yes, after I am gone, the people of the Fire will slaughter you;
from this moment I become your mourner;
my heart will be taken up with nothing else;
from today my weeping will never cease.

67

Mar jaayega tu tishna dahan haaye Husaina
مرجائیگا تو تشنہ دہن ہائے حسینا

Ho jaaye ga tukre ye badan haaye Husaina
ہو جائے گا ٹکڑے یہ بدن ہاے حسینا

Ik jaan pe ye ranj-o-mihan haaye Husaina
اک جان پہ یہ رنج و محن ہائے حسینا

Koi tujhe de ga na kafan haaye Husaina
کوئی تجھے دے گا نہ کفن ہائے حسینا

Gaaren ge na zalim tan-e-sad pash ko hai hai
گاڑیں گے نہ ظالم تنِ صد پاش کو ہے ہے

Rahwaron se raunden ge teri laash ko hai hai
رہواروں سے روندیں گے تری لاش کو ہے ہے

"You will die with a parched mouth, alas, Husain!
This body will be cut to pieces, alas, Husain!
Such pain and sorrow upon one life, alas, Husain!
No one will give you a shroud, alas, Husain!
The cruel ones will not bury your body, broken in a hundred places, alas!
They will trample your corpse under their horses, alas!"

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

68

Farmaya Muhammad ne ke ae Fatima Zahra
فرمایا محمدؐ نے کہ اے فاطمہؑ زہرا

Kya marzi-e-Mabood se bande ka hai chaara
کیا مرضیِ معبود سے بندے کا ہے چارہ

Khaliq ne diya hai use tah rutba-e-aala
خالق نے دیا ہے اسے تہ رتبۂ اعلیٰ

Jibreel siwa koi nahin jaanne wala
جبریل سوا کوئی نہیں جاننے والا

Main bhi hoon fida is pe ke ye fidya-e-Rab hai
میں بھی ہوں فدا اس پہ کہ یہ فدیۂ رب ہے

Ye laal tera bakhshish-e-ummat ka sabab hai
یہ لال ترا بخشش امت کا سبب ہے

Muhammad (s) said, "O Fatima Zahra,
what can a servant do against the will of the One he worships?
The Creator has given him this highest rank,
which no one but Gabriel knows;
I too would give my life for him, for he is the Lord's ransom;
this son of yours is the means of the community's forgiveness.

69

Is baat ka gham hai agar ae jaan-e-Payambar
اس بات کا غم ہے اگر اے جانِ پیمبرؐ

Be dafn-o-kafan ran mein rahe ga tera dilbar
بے دفن و کفن رن میں رہے گا ترا دلبر

Jab qaid se howe ga riha Abid-e-muztar
جب قید سے ہووے گا رہا عابدِ مضطر

Turbat mein use dafn kare ga wahi aa kar
تربت میں اسے دفن کرے گا وہی آ کر

Arwah-e-rasoolan-e-zaman royen gi us ko
ارواحِ رسولانِ زمن روئیں گی اس کو

Sar peet ke Zainab si behan royen gi us ko
سر پیٹ کے زینب سی بہن روئیں گی اس کو

"If what grieves you, O soul of the Prophet (s), is this,
that your darling will lie on the field unburied and unshrouded:
when the distressed Abid is freed from captivity,
he himself will come and lay him in his grave;
the spirits of the messengers of every age will weep for him;
a sister such as Zainab will beat her head and weep for him.

Free to read, copy and share

70

Jab charkh pe hoye ga ayan maah-e-Muharram
جب چرخ پہ ہوئے گا عیاں ماہِ محرم

Har ghar mein bapa howe gi ik majlis-e-matam
ہر گھر میں بپا ہوے گی اک مجلسِ ماتم

Aayen ge malak arsh se waan rone ko baham
آئیں گے ملک عرش سے واں رونے کو باہم

Matam ye wo matam hai ke hoga na kabhi kam
ماتم یہ وہ ماتم ہے کہ ہوگا نہ کبھی کم

Pur noor sada is ka aza khana rahe ga
پر نور سدا اس کا عزا خانہ رہے گا

Khursheed jahan gard bhi parwana rahe ga
خورشید جہاں گرد بھی پروانہ رہے گا

"When the new moon of Muharram appears in the sky,
in every house an assembly of mourning will be held;
angels will come down together from the Throne to weep there;
this mourning is a mourning that will never grow less;
his house of mourning will always be full of light;
even the world-circling sun will be a moth to it."

71

Kya auj hai, kya rutba hai is bazm-e-aza ka
کیا اوج ہے، کیا رتبہ ہے اس بزمِ عزا کا

Ghul arsh se hai farsh talak salli ala ka
غل عرش سے ہے فرش تلک صلِّ علیٰ کا

Mushtaq hai Firdaus-e-bareen yaan ki fiza ka
مشتاق ہے فردوسِ بریں یاں کی فضا کا

Paani mein bhi hai yaan ki maza aab-e-baqa ka
پانی میں بھی ہے یاں کی مزا آبِ بقا کا

Darbar-e-mualla hai wali ibn-e-wali ka
دربارِ معلّیٰ ہے ولی ابنِ ولی کا

Jaari hai ye sab faiz Husain ibn-e-Ali ka
جاری ہے یہ سب فیض حسینؓ ابن علی کا

What height, what rank this assembly of mourning has!
From the Throne down to the earth rings the cry of 'Salli ala';
highest paradise longs for the air of this place;
even the water here has the taste of the water of life.
This is the exalted court of the friend of God, son of the friend of God;
all this bounty flows from Husain, son of Ali.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

72

Lo yaan se bas ab majlis-e-matam ka bayan hai
Wo fasl-e-khushi khatm hui gham ka bayan hai
Mazloomi-e-sultan-e-do aalam ka bayan hai
Hangama-e-Ashur-e-Muharram ka bayan hai
Haan dekh le mushtaq jo ho fauj-e-Khuda ka
Lo bazm mein khulta hai muraqqa shuhada ka

لو یاں سے بس اب مجلسِ ماتم کا بیاں ہے
وہ فصل خوشی ختم ہوئی غم کا بیاں ہے
مظلومیِ سلطانِ دو عالم کا بیاں ہے
ہنگامۂ عاشورِ محرم کا بیاں ہے
ہاں دیکھ لے مشتاق جو ہو فوجِ خدا کا
لو بزم میں کھلتا ہے مرقع شہدا کا

Now, from here on, it is the telling of the mourning assembly;
that season of joy is over: now it is the telling of grief,
the telling of the wrongs done to the Sultan of both worlds,
the telling of the tumult of Ashura in Muharram.
Come, let whoever longs to see the army of God look now:
see, in this assembly the album of the martyrs is opened.

73

Ae Khizr-e-bayaban-e-sukhan rahbari kar
Ae nayyir-e-taban-e-khirad jalwa gari kar
Ae dard ata lazzat-e-zakhm-e-jigari kar
Ae khauf-e-ilahi mujhe isyan se bari kar
Bandon mein likha jaaun Imam-e-azali ke
Azad hoon sadqe mein Husain ibn-e-Ali ke

اے خضرِ بیابانِ سخن راہبری کر
اے نیرِ تابانِ خرد جلوہ گری کر
اے درد عطا لذتِ زخمِ جگری کر
اے خوفِ الٰہی مجھے عصیان سے بری کر
بندوں میں لکھا جاؤں امامِ ازلی کے
آزاد ہوں صدقے میں حسینؓ ابن علیؓ کے

O Khizr of the wilderness of poetry, be my guide;
O shining star of wisdom, show your light;
O pain, grant me the delight of a wound in the heart;
O fear of God, free me from sin;
may I be written among the servants of the eternal Imam;
may I be set free for the sake of Husain, son of Ali.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

74

Qudsi ko nahin baar, ye darbar hai kis ka
قدسی کو نہیں بار، یہ دربار ہے کس کا

Firdaus ko hai rashk ye gulzar hai kis ka
فردوس کو ہے رشک یہ گلزار ہے کس کا

Sab jins-e-shafaat hai, ye bazaar hai kis ka
سب جنسِ شفاعت ہے، یہ بازار ہے کس کا

Khud bikta hai Yusuf ye kharidar hai kis ka
خود بکتا ہے یوسفؑ یہ خریدار ہے کس کا

Milti hai kahan muft mata-e-hasan aisi
ملتی ہے کہاں مفت متاعِ حسن ایسی

Dekhi nahin anjum ne kabhi anjuman aisi
دیکھی نہیں انجم نے کبھی انجمن ایسی

Even an angel has no admittance: whose court is this?
Paradise envies it: whose rose garden is this?
All the wares are intercession: whose market is this?
Joseph (a) himself is sold here: whose buyer is this?
Where else are such fine goods to be had for nothing?
The stars have never seen such a gathering.

75

Majlis ka zahe noor khusha mahfil-e-aali
مجلس کا زہے نور خوشا محفلِ عالی

Haidar ke muhibbon se koi ja nahin khaali
حیدر کے محبوں سے کوئی جا نہیں خالی

Ashiq hain sab us ke jo hai kaunain ka wali
عاشق ہیں سب اس کے جو ہے کونین کا والی

Isna ashari, Panjtani, Shia-e-ghali
اثنا عشری، پنجتنی، شیعۂ غالی

Shashdar na ho kyun charkh ajab jalwa gari hai
ششدر نہ ہو کیوں چرخ عجب جلوہ گری ہے

Ye bazm-e-aza aaj sitaaron se bhari hai
یہ بزمِ عزا آج ستاروں سے بھری ہے

How splendid the light of this assembly! How blessed this noble gathering!
There is no place empty of Haidar's lovers;
all are lovers of him who is lord of both worlds:
Twelvers, devotees of the Panjtan, zealous Shias.
Why should the heavens not be astonished? It is a wondrous display:
today this assembly of mourning is full of stars.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

76

In mein jo musin hain wo Payambar ke hain mehmaan
Aur jo mutawassit hain, wo Haidar ke hain mehmaan
Jo taaza jawan hain, Ali Akbar ke hain mehmaan
Shiyon ke pisar sab Ali Asghar ke hain mehmaan
Har khurd-o-kalan ashiq-e-shah-e-Madani hain
Paanch ungliyon ki tarah ye sab Panjtani hain

ان میں جو مسن ہیں وہ پیمبر کے ہیں مہماں
اور جو متوسط ہیں، وہ حیدر کے ہیں مہماں
جو تازہ جواں ہیں، علی اکبر کے ہیں مہماں
شیعوں کے پسر سب علی اصغر کے ہیں مہماں
ہر خورد و کلاں عاشقِ شاہِ مدنی ہیں
پانچ انگلیوں کی طرح یہ سب پنجتنی ہیں

Among them, the old are the guests of the Prophet;
those of middle years are the guests of Haidar;
the young are the guests of Ali Akbar;
the sons of the Shias are all the guests of Ali Asghar.
Every one, young and old, is a lover of the King of Medina;
like the five fingers, they all belong to the Panjtan.

77

Irshad-e-Nabi hai ke madadgar hain mere
Farmaate hain Haidar ke ye gham khwar hain mere
Hazrat ka sukhan hai ke azadar hain mere
Main un ka hoon talib ye talab gar hain mere
Ye aaj agar ro ke hamen yaad karen ge
Hum qabr mein un logon ki imdad karen ge

ارشادِ نبیؐ ہے کہ مددگار ہیں میرے
فرماتے ہیں حیدر کہ یہ غم خوار ہیں میرے
حضرت کا سخن ہے کہ عزادار ہیں میرے
میں ان کا ہوں طالب یہ طلب گار ہیں میرے
یہ آج اگر رو کے ہمیں یاد کریں گے
ہم قبر میں ان لوگوں کی امداد کریں گے

The Prophet (s) declares, "They are my helpers."
Haidar says, "They share my sorrow."
The revered one says, "They are my mourners;
I seek them, and they seek me;
if today they weep and remember us,
we will help them in the grave.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

78

Gham mein mere bachchon ke ye sab karte hain faryad
غم میں مرے بچوں کے یہ سب کرتے ہیں فریاد

Allah salamat rakhe un logon ki aulad
اللہ سلامت رکھے ان لوگوں کی اولاد

Basti mere Shiyon ki rahe khalq mein aabad
بستی مرے شیعوں کی رہے خلق میں آباد

Ye hashr ke din aatish-e-dozakh se hon azad
یہ حشر کے دن آتشِ دوزخ سے ہوں آزاد

Marta hai koi gar to buka karta hoon main bhi
مرتا ہے کوئی گر تو بکا کرتا ہوں میں بھی

Un ke liye bakhshish ki dua karta hoon main bhi
ان کے لئے بخشش کی دعا کرتا ہوں میں بھی

"They all cry out in grief for my children;
may Allah keep these people's children safe;
may the dwelling of my Shias stay peopled in the world;
on the Day of Resurrection may they be free from the fire of hell.
If any of them dies, I too weep;
I too pray for their forgiveness."

79

Mardum ke liye wajib-e-aini hai ye zaari
مردم کے لئے واجب عینی ہے یہ زاری

Rona hi wasila hai shafaat ka hamaari
رونا ہی وسیلہ ہے شفاعت کا ہماری

Hai waqt-e-muayyan pe ada taat-e-Bari
ہے وقتِ معین پہ ادا طاعتِ باری

Ye khair hai wo khair jo har waqt hai jaari
یہ خیر ہے وہ خیر جو ہر وقت ہے جاری

Ro lo ke ye waqt aur ye sohbat na mile gi
رو لو کہ یہ وقت اور یہ صحبت نہ ملے گی

Jab aankh hui band to mohlat na mile gi
جب آنکھ ہوئی بند تو مہلت نہ ملے گی

For everyone this lamenting is a duty binding on each;
weeping alone is the means to our intercession.
Obedience to the Creator is performed at appointed times;
this good deed is one that goes on at every hour.
Weep now, for this hour and this company will not come again;
once the eye has closed, there will be no more time.

Free to read, copy and share

80

Mohlat jo ajal de to ghanimat use jaano
مہلت جو اجل دے تو غنیمت اسے جانو

Amada ho rone pe, saadat use jaano
آمادہ ہو رونے پہ، سعادت اسے جانو

Aansoo nikal aayen to ibadat use jaano
آنسو نکل آئیں تو عبادت اسے جانو

Iza ho jo mahfil mein to raahat use jaano
ایذا ہو جو محفل میں تو راحت اسے جانو

Faaqe kiye hain dhoop mein lab tishna rahe hain
فاقے کئے ہیں دھوپ میں لب تشنہ رہے ہیں

Aqa ne tumhaare liye kya zulm sahe hain
آقا نے تمہارے لئے کیا ظلم سہے ہیں

If death grants you time, count it a gain;
be ready to weep, and count it good fortune;
if tears come, count it worship;
if you suffer discomfort in the assembly, count it ease.
He went hungry in the sun, his lips parched with thirst:
what cruelties your Master has borne for you!

81

Takleef kuchh aisi nahin saaya hai hawa hai
تکلیف کچھ ایسی نہیں سایہ ہے ہوا ہے

Paani hai khunak marwaha kash bad-e-saba hai
پانی ہے خنک مروحہ کش بادِ صبا ہے

Kuchh garmi-e-Ashura ka bhi haal suna hai
کچھ گرمیِ عاشورہ کا بھی حال سنا ہے

Sar peetne ka waqt hai hangam-e-buka hai
سر پیٹنے کا وقت ہے ہنگامِ بکا ہے

Guzri hai bayaban mein wo garmi shah-e-deen par
گذری ہے بیابان میں وہ گرمی شہِ دیں پر

Bhun jaata tha daana bhi jo girta tha zameen par
بھن جاتا تھا دانہ بھی جو گرتا تھا زمیں پر

Here there is no real hardship: there is shade, there is a breeze;
the water is cool, and the morning breeze waves the fan.
Have you heard anything of the heat of Ashura?
It is the time to beat our heads, the hour of weeping.
Such heat passed over the King of the faith in the wilderness
that even a grain that fell on the ground was roasted.

Free to read, copy and share

82

Loon chalti thi aisi ke jale jaate the ashjar
لوں چلتی تھی ایسی کہ جلے جاتے تھے اشجار

Tha unsur-e-khaki pe guman-e-kura-e-nar
تھا عنصرِ خاکی پہ گمانِ کرۂ نار

Paani pe dad-o-dam gire parte the har baar
پانی پہ دد و دام گرے پڑتے تھے ہر بار

Sab khalq to seraab thi pyaase shah-e-abrar
سب خلق تو سیراب تھی پیاسے شہِ ابرار

Khaak ur ke jami jaati thi zulfon pe qaba par
خاک اڑ کے جمی جاتی تھی زلفوں پہ قبا پر

Is dhoop mein saaya bhi na tha noor-e-Khuda par
اس دھوپ میں سایہ بھی نہ تھا نورِ خدا پر

Such a hot wind blew that the trees were scorched;
the earthly element seemed to be the sphere of fire;
wild beasts and animals fell over one another at the water again and again;
all creatures had their fill of water, but the King of the righteous was thirsty.
The dust rose and settled on his locks and on his robe;
in that sun there was not even shade over the light of God.

83

Qatre jo paseene ke tapak parte the har baar
قطرے جو پسینے کے ٹپک پڑتے تھے ہر بار

Sabit yahi hota tha ke hain akhtar-e-sayyar
ثابت یہی ہوتا تھا کہ ہیں اخترِ سیار

Shahid alam-e-faaqa se hai zardi-e-rukhsar
شاہد المِ فاقہ سے ہے زردیِ رخسار

Be aabi se ude the lab-e-laal guhar baar
بے آبی سے اودے تھے لبِ لعل گہر بار

Duniya mein taraste rahe wo aab-e-rawan ko
دنیا میں ترستے رہے وہ آب رواں کو

Jin honton ne chooma tha Muhammad ki zaban ko
جن ہونٹوں نے چوما تھا محمدؐ کی زباں کو

The drops of sweat that fell again and again
seemed to be wandering stars;
the pallor of his cheeks bore witness to the pain of hunger;
his pearl-scattering ruby lips had turned blue for want of water.
In this world they longed in vain for running water,
the lips that had kissed the tongue of Muhammad (s).

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

84

Duniya bhi ajab ghar hai ke raahat nahin jis mein
Wo gul hai ye gul boo-e-mohabbat nahin jis mein
Wo dost hai ye dost murawwat nahin jis mein
Wo shahd hai ye shahd halawat nahin jis mein
Be dard-o-alam shaam-e-ghariban nahin guzri
Duniya mein kisi ki kabhi yaksan nahin guzri

دنیا بھی عجب گھر ہے کہ راحت نہیں جس میں
وہ گل ہے یہ گل بوئے محبت نہیں جس میں
وہ دوست ہے یہ دوست مروت نہیں جس میں
وہ شہد ہے یہ شہد حلاوت نہیں جس میں
بے درد و الم شامِ غریباں نہیں گزری
دنیا میں کسی کی کبھی یکساں نہیں گزری

The world too is a strange house, in which there is no rest:
a rose, but a rose with no scent of love;
a friend, but a friend in whom there is no kindness;
honey, but honey in which there is no sweetness.
No evening of the exiles has passed without pain and grief;
no one's life in this world has ever passed unchanging.

85

Godi hai kabhi maan ki kabhi qabr ka aaghosh
Gul pairahan aksar nazar aate hain kafan posh
Sargarm-e-sukhan hai kabhi insan kabhi khamosh
Gah takht hai aur gaah janaza ba sar-e-dosh
Ik taur pe dekha na jawan ko na musin ko
Shab ko to chhapar khat mein hain taboot mein din ko

گودی ہے کبھی ماں کی کبھی قبر کا آغوش
گل پیرہن اکثر نظر آتے ہیں کفن پوش
سرگرمِ سخن ہے کبھی انساں کبھی خاموش
گہہ تخت ہے اور گاہ جنازہ بسرِ دوش
اک طور پہ دیکھا نہ جواں کو نہ مسن کو
شب کو تو چھپر کھٹ میں ہیں تابوت مین دن کو

Now it is a mother's lap, now the embrace of the grave;
those clad in rose-coloured robes are often seen in shrouds;
now a man is busy in talk, now he is silent;
now there is a throne, and now a bier upon the shoulders.
No one, young or old, has been seen to stay in one state:
at night they lie in a canopied bed, and by day in a coffin.

Free to read, copy and share

86

Shaadi ho ke andoh ho aaraam ho ya jaur
شادی ہو کہ اندوہ ہو آرام ہو یا جور

Duniya mein guzar jaati hai insan ko ba har taur
دنیا میں گزر جاتی ہے انساں کو بہر طور

Matam ki kabhi fasl hai, ishrat ka kabhi daur
ماتم کی کبھی فصل ہے، عشرت کا کبھی دور

Hai shaadi-o-matam ka muraqqa jo karo ghaur
ہے شادی و ماتم کا مرقع جو کرو غور

Kis baagh pe aseb-e-khizan aa nahin jaata
کس باغ پہ آسیبِ خزاں آ نہیں جاتا

Gul kaun sa khilta hai jo murjha nahin jaata
گل کون سا کھلتا ہے جو مرجھا نہیں جاتا

Be it joy or sorrow, be it ease or oppression,
in this world a man's life goes by in every way;
now it is a season of mourning, now a time of pleasure;
if you consider, it is an album of joy and mourning.
On what garden does the blight of autumn not fall?
What flower blooms that does not wither?

87

Hai aalam-e-fani ki ajab subh ajab shaam
ہے عالمِ فانی کی عجب صبح عجب شام

Gah gham kabhi shaadi kabhi iza kabhi aaraam
کہہ غم کبھی شادی کبھی ایذا کبھی آرام

Naazon se pala Fatima Zahra ka gul andam
نازوں سے پلا فاطمہ زہراؑ کا گل اندام

Wa hasrat-o-darda ke wo aghaz ye anjam
وا حسرت و دردا کہ وہ آغاز یہ انجام

Raahat na mili ghar ke talatum se daham tak
راحت نہ ملی گھر کے تلاطم سے دہم تک

Mazloom ne faaqe kiye haftum se daham tak
مظلوم نے فاقے کئے ہفتم سے دہم تک

Strange are the mornings and the evenings of this passing world:
now grief, now joy, now pain, now ease.
Fatima Zahra's flower-bodied son, raised with every tenderness:
alas for the grief and the pain, that such a beginning had such an end!
He found no rest from the turmoil of his household until the tenth;
the wronged one went hungry from the seventh to the tenth.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

88

Reti ye azizon ka muraqqa to hai abtar
ریتی یہ عزیزوں کا مرقع تو ہے ابتر

Shah ka hai ye naqsha ke main tasweer se shashdar
شہ کا ہے یہ نقشہ کہ میں تصویر سے ششدر

Farzand na Muslim ke na hamsheer ke dilbar
فرزند نہ مسلم کے نہ ہمشیر کے دلبر

Qasim hain na Abbas na Akbar hain na Asghar
قاسم ہیں نہ عباس نہ اکبر ہیں نہ اصغر

Sab nazr ko darbar-e-Payambar mein gaye hain
سب نذر کو دربارِ پیمبر میں گئے ہیں

Rukhsat ko akele shah-e-deen ghar mein gaye hain
رخصت کو اکیلے شہِ دیں گھر میں گئے ہیں

On the sands, this album of kinsmen lies in disarray;
the King's plight is such that I stand stunned before the picture:
neither the sons of Muslim nor the darlings of his sister remain;
there is no Qasim, no Abbas, no Akbar, no Asghar.
All have gone as offerings to the court of the Prophet;
the King of the faith has gone alone into the tent to take his leave.

89

Manzoor hai phir dekh len hamsheer ki surat
منظور ہے پھر دیکھ لیں ہمشیر کی صورت

Phir le gayi hai ghar mein Sakina ki mohabbat
پھر لے گئی ہے گھر میں سکینہ کی محبت

Sajjad se kuchh kehte hain asrar-e-imamat
سجاد سے کچھ کہتے ہیں اسرارِ امامت

Bano-e-do aalam se bhi hai aakhiri rukhsat
بانوے دو عالم سے بھی ہے آخری رخصت

Matloob hai ye zeb-e-badan rakht-e-kuhan ho
مطلوب ہے یہ زیبِ بدن رختِ کہن ہو

Ta baad-e-shahadat wahi malboos-e-kafan ho
تا بعد شہادت وہی ملبوسِ کفن ہو

He wishes to see his sister's face once more;
love for Sakina has drawn him back into the tent;
he tells Sajjad something of the secrets of the imamate;
and he takes his last leave of the Lady of both worlds as well.
He asks that an old garment be put on his body,
so that after his martyrdom it may serve as his shroud.

Free to read, copy and share

90

Kheme mein musafir ka wo aana tha qayamat
خیمے میں مسافر کا وہ آنا تھا قیامت

Ek ek ko chhaati se lagaana tha qayamat
ایک ایک کو چھاتی سے لگانا تھا قیامت

Aana to ghanimat tha ye jaana tha qayamat
آنا تو غنیمت تھا یہ جانا تھا قیامت

Thora sa wo rukhsat ka zamana tha qayamat
تھوڑا سا وہ رخصت کا زمانہ تھا قیامت

Waan bain idhar sabr-o-shakebai ki baaten
واں بین ادھر صبر و شکیبائی کی باتیں

Afsana-e-matam thin behan bhai ki baaten
افسانۂ ماتم تھیں بہن بھائی کی باتیں

That coming of the traveller into the tent was a calamity;
clasping each one to his breast was a calamity;
his coming was a mercy, but this going was a calamity;
that brief hour of farewell was a calamity.
There, lamentation; here, words of patience and endurance:
the talk of brother and sister was a tale of mourning.

91

Hazrat ka wo kehna ke behan sabr karo sabr
حضرت کا وہ کہنا کہ بہن صبر کرو صبر

Ummat ke liye walida sahib ne sahe jabr
امت کے لئے والدہ صاحب نے سہے جبر

Wo kehti thi kyun kar na main roun sifat-e-abr
وہ کہتی تھی کیوں کر نہ میں روؤں صفتِ ابر

Tum pehno kafan aur na bane haaye meri qabr
تم پہنو کفن اور نہ بنے ہائے مری قبر

Lutte hue Ammaan ka ghar in aankhon se dekhoon
لٹتے ہوئے اماں کا گھر ان آنکھوں سے دیکھوں

Hai hai tah-e-khanjar tumhen
kin aankhon se dekhoon
ہے ہے تہِ خنجر تمہیں کن آنکھوں سے دیکھوں

The revered one would say, "Sister, be patient, be patient;
for the sake of the community our mother endured oppression."
And she would say, "How can I not weep like a cloud?
You put on a shroud, and alas, it is not my grave that is made!
Am I to see with these eyes our mother's house plundered?
Alas, with what eyes shall I see you beneath the dagger?

Free to read, copy and share

92

Is umr mein thore gham-e-jaankah uthaaye
اس عمر میں تھوڑے غمِ جانکاہ اٹھائے

Ashk aankhon se Ammaan ke janaze pe bahaaye
اشک آنکھوں سے اماں کے جنازے پہ بہائے

Aansoo na thame the ke pidar khoon mein nahaaye
آنسو نہ تھمے تھے کہ پدر خوں میں نہائے

Tukre dil-e-Shabbar ke lagan mein nazar aaye
ٹکڑے دل شبر کے لگن میں نظر آئے

Hazrat ke siwa ab koi sar par nahin bhai
حضرت کے سوا اب کوئی سر پر نہیں بھائی

Insan hoon kaleja mera patthar nahin bhai
انساں ہوں کلیجہ مرا پتھر نہیں بھائی

"Have I borne few soul-wearing sorrows in this life?
I shed tears from my eyes on our mother's bier;
my tears had not stopped when our father was bathed in blood;
the pieces of Shabbar's heart were seen in the basin.
Apart from your revered self, I have no one left over me, brother;
I am human; my heart is not a stone, brother.

93

Har shakhs ko hai yun to safar khalq se karna
ہر شخص کو ہے یوں تو سفر خلق سے کرنا

Dushwar hai ik aan musafir ka thaharna
دشوار ہے اک آن مسافر کا ٹھہرنا

In aankhon se dekha hai buzurgon ka guzarna
ان آنکھوں سے دیکھا ہے بزرگوں کا گزرنا

Hai sab se siwa haaye ye mazloomi ka marna
ہے سب سے سوا ہائے یہ مظلومی کا مرنا

Sadqe gayi yun ran kabhi parte nahin dekha
صدقے گئی یوں رن کبھی پڑتے نہیں دیکھا

Ik din mein bhare ghar ko ujarte nahin dekha
اک دن میں بھرے گھر کو اجڑتے نہیں دیکھا

"Everyone, it is true, must journey out of this world;
a traveller can hardly stay a moment;
with these eyes I have seen my elders pass away;
but beyond all else, alas, is this death of the wronged.
I would give my life for you! Never have I seen a battle fall out like this;
never have I seen a full house laid waste in a single day.

Free to read, copy and share

94

Hai hai tumhen le ke main kahan chhup rahoon bhai
ہے ہے تمہیں لے کے میں کہاں چھپ رہوں بھائی

Lutti hai mere chaar buzurgon ki kamaai
لٹتی ہے مرے چار بزرگوں کی کمائی

Kis dasht-e-pur ashob mein qismat mujhe laai
کس دشتِ پر آشوب میں قسمت مجھے لائی

Ya Rab kahin mar jaaye Yadullah ki jaai
یارب کہیں مر جائے ید اللہ کی جائی

Zahra ka pisar waqt-e-judai mujhe roye
زہراؑ کا پسر وقتِ جدائی مجھے روئے

Sab ko to main roi hoon ye bhai mujhe roye
سب کو تو میں روئی ہوں یہ بھائی مجھے روئے

"Alas, where can I take you and hide, brother?
The earnings of my four elders are being plundered;
into what turbulent wilderness has fate brought me!
O Lord, would that the daughter of the Hand of God might die,
so that Zahra's son might weep for me at the parting;
I have wept for all the others; let this brother weep for me."

95

Zainab ki wo zaari wo Sakina ka bilakna
زینب کی وہ زاری وہ سکینہ کا بلکنا

Wo nanhi si chhaati mein kaleje ka dharakna
وہ ننھی سی چھاتی میں کلیجے کا دھڑکنا

Wo chaand sa munh aur wo bunde ka chamakna
وہ چاند سا منہ اور وہ بندے کا چمکنا

Hazrat ka wo beti ki taraf yaas se takna
حضرت کا وہ بیٹی کی طرف یاس سے تکنا

Hasrat se ye zahir tha ke mazoor hain bibi
حسرت سے یہ ظاہر تھا کہ معذور ہیں بی بی

Paida tha nigaahon se ke majboor hain bibi
پیدا تھا نگاہوں سے کہ مجبور ہیں بی بی

That lamenting of Zainab, that sobbing of Sakina,
that pounding of the heart in that little breast,
that moon-like face, and that glinting of the earring,
that despairing gaze of the revered one toward his daughter!
His longing made it plain that he was helpless, little lady;
his eyes showed that he was powerless, little lady.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

96

Wo kehti thi baba hamen chhaati se lagao
وہ کہتی تھی بابا ہمیں چھاتی سے لگاؤ

Farmaate the shah aao na jaan-e-pidar aao
فرماتے تھے شہ آؤ نہ جانِ پدر آؤ

Hum kurhte hain lo aankhon se aansoo na bahao
ہم کڑھتے ہیں لو آنکھوں سے آنسو نہ بہاؤ

Khushboo to zara gesu-e-mushkeen ko sunghao
خوشبو تو ذرا گیسوئے مشکیں کو سنگھاؤ

Kausar ye hai, tum bin nahin aaraam chacha ko
کوثر یہ ہے، تم بن نہیں آرام چچا کو

Hum jaate hain kuchh deti ho paigham chacha ko
ہم جاتے ہیں کچھ دیتی ہو پیغام چچا کو

She would say, "Father, hold me to your breast,"
and the King would say, "Come, life of your father, come;
it grieves me; come, do not shed tears from your eyes;
just let me breathe the fragrance of your musky locks.
He is at Kausar, and without you your uncle has no rest;
I am going: have you any message for your uncle?

97

Bibi kaho kya haal hai ab maan ka tumhaari
بی بی کہو کیا حال ہے اب ماں کا تمہاری

Kis goshe mein baithi hain kahan karti hain zaari
کس گوشے میں بیٹھی ہیں کہاں کرتی ہیں زاری

Jab se soo-e-jannat gayi Akbar ki sawari
جب سے سوئے جنت گئی اکبر کی سواری

Dekha na unhen ghar mein hum aaye kai baari
دیکھا نہ انہیں گھر میں ہم آئے کئی باری

Thi sab ki mohabbat unhen bete hi ke dam tak
تھی سب کی محبت انہیں بیٹے ہی کے دم تک

Kya aakhiri rukhsat ko bhi aayen gi na hum tak
کیا آخری رخصت کو بھی آئیں گی نہ ہم تک

"Little lady, tell me, how is your mother now?
In what corner does she sit? Where does she weep?
Since Akbar rode away toward paradise
I have not seen her in the tent, though I came many times.
All her love for everyone lasted only as long as her son lived;
will she not come to me even for the last farewell?

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

98

Kis ja hain talab hum ko karen ya wahi aayen
کس جا ہیں طلب ہم کو کریں یا وہی آئیں

Mumkin nahin ab wo hamen ya hum unhen paayen
ممکن نہیں اب وہ ہمیں یا ہم انہیں پائیں

Kuchh hum se sunen kuchh
hamen haal apna bataayen
کچھ ہم سے سنیں کچھ ہمیں حال اپنا بتائیں

Ik dam ke musafir hain hamen dekh to jaayen
اک دم کے مسافر ہیں ہمیں دیکھ تو جائیں

Baad apne ye loota hua ghar aur kate ga
بعد اپنے یہ لوٹا ہوا گھر اور کٹے گا

Afsos ke ik umr ka saath aaj chhute ga
افسوس کہ اک عمر کا ساتھ آج چھٹے گا

"Where is she? Let her send for me, or come herself;
soon she will not be able to find me, nor I her.
Let her hear something from me, and tell me something of how she is;
I am a traveller of a moment: let her at least come and see me.
After me this plundered house will suffer further;
alas, the companionship of a lifetime ends today."

99

Ghash mein jo suni Bano-e-muztar ne ye taqreer
غش میں جو سنی بانوئے مضطر نے یہ تقریر

Sabit hua marne ko chale Hazrat-e-Shabbir
ثابت ہوا مرنے کو چلے حضرت شبیر

Sar nange uthi chhor ke gahwara-e-be sheer
سر ننگے اٹھی چھوڑ کے گہوارۂ بے شیر

Chillaai mujhe hosh na tha ya shah-e-dil geer
چلائی مجھے ہوش نہ تھا یا شہِ دل گیر

Jaan tan se koi aan mein ab jaati hai aqa
جاں تن سے کوئی آن میں اب جاتی ہے آقا

Ye khadima rukhsat ke liye aati hai aqa
یہ خادمہ رخصت کے لئے آتی ہے آقا

When the distressed lady, in her swoon, heard this speech,
it was certain that the revered Shabbir was going to his death;
she rose bareheaded and left the cradle of the milkless child,
and cried, "I was not in my senses, O grieving King;
my life will leave my body in a moment now, master;
this servant of yours comes to bid you farewell, master."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

100

Ye sun ke barhe chand qadam shah-e-khush iqbal
یہ سن کے بڑھے چند قدم شاہِ خوش اقبال

Qadmon pe giri daur ke wo khole hue baal
قدموں پہ گری دوڑ کے وہ کھولے ہوئے بال

Tha qibla-e-aalam ka bhi is waqt ajab haal
تھا قبلۂ عالم کا بھی اس وقت عجب حال

Rote the ghazab aankhon pe rakhe hue rumal
روتے تھے غضب آنکھوں
پہ رکھے ہوئے رومال

Farmaate the jaankah judai ka alam hai
فرماتے تھے جانکاہ جدائی کا الم ہے

Utho tumhen rooh-e-Ali Akbar ki qasam hai
اٹھو تمہیں روحِ علی اکبر کی قسم ہے

Hearing this, the fortunate King came forward a few steps;
she ran, her hair unbound, and fell at his feet.
The qibla of the world too was in a strange state at that moment:
he wept terribly, holding a kerchief to his eyes,
and said, "The pain of parting wears away the soul;
rise, I adjure you by the soul of Ali Akbar."

101

Wo kehti thi kyun kar main uthoon ae meri sartaj
وہ کہتی تھی کیوں کر میں
اٹھوں اے مری سرتاج

Wali inhin qadmon ki badaulat hai mera raaj
والی انہیں قدموں کی بدولت ہے مرا راج

Sar par jo na hoga pisar-e-sahib-e-Meraj
سر پر جو نہ ہوگا پسرِ صاحبِ معراج

Chaadar ke liye khalq mein jaaun gi muhtaj
چادر کے لئے خلق میں جاؤں گی محتاج

Chhoote jo qadam martaba ghat jaaye ga mera
چھوٹے جو قدم مرتبہ گھٹ جائے گا میرا

Qurbaan gayi takht ulat jaaye ga mera
قربان گئی تخت الٹ جائے گا میرا

She would say, "How can I rise, O my crown?
My master, it is by these very feet that I have my kingdom;
if the son of the Master of the Ascension is no longer over me,
I shall go among people begging for a veil;
if I lose these feet, my rank will fall;
I would give my life for you: my throne will be overturned.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

102

Yaan aai main jab khana-e-Kisra hua barbad
یاں آئی میں جب خانۂ کسریٰ ہوا برباد

Wo pehli asiri ki aziyat hai mujhe yaad
وہ پہلی اسیری کی اذیت ہے مجھے یاد

Ki uqda kusha-e-do jahan ne meri imdad
کی عقدہ کشائے دو جہاں نے مری امداد

Hazrat ke tasadduq mein hui qaid se azad
حضرت کے تصدق میں ہوئی قید سے آزاد

Laundi thi, bahu ho gayi Zahra-o-Ali ki
لونڈی تھی، بہو ہو گئی زہراؑ و علیؑ کی

Qismat ne bithaaya mujhe masnad pe Nabi ki
قسمت نے بٹھایا مجھے مسند پہ نبیؐ کی

"I came here when the house of Kisra was laid waste;
I remember the torment of that first captivity;
the Untier of the knots of both worlds came to my aid;
through the revered one's grace I was freed from captivity;
I was a slave girl; I became the daughter-in-law of Zahra and Ali;
fortune seated me on the cushion of the Prophet (s).

103

Chhabbees baras tak na chhuta aap ka pehlu
چھبیس برس تک نہ چھٹا آپ کا پہلو

Ab hijr hai taqdeer mein ya Sayyid-e-khush khoo
اب ہجر ہے تقدیر میں یا سید خوش خو

Shab bhar rahe takiya sar-e-aqdas ka jo bazu
شب بھر رہے تکیہ سرِ اقدس کا جو بازو

Hai hai use ab rassi se baandhen ge jafa joo
ہے ہے اسے اب رسی سے باندھیں گے جفا جو

Sar par na rida hogi to mar jaaun gi sahib
سر پر نہ ردا ہوگی تو مر جاؤں گی صاحب

Chhupne ko main jangal mein kidhar jaaun gi sahib
چھپنے کو میں جنگل میں کدھر جاؤں گی صاحب

"For twenty-six years I was never parted from your side;
now separation is my fate, O Sayyid of gentle nature.
The arm that all night long was the pillow of your holy head,
alas, the cruel ones will now bind it with a rope;
if there is no veil on my head, I shall die, my lord;
where in this wilderness shall I go to hide, my lord?"

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

104

Hazrat ne kaha kis ka sada saath raha hai
حضرت نے کہا کس کا سدا ساتھ رہا ہے

Har ashiq-o-mashooq ne ye daagh saha hai
ہر عاشق و معشوق نے یہ داغ سہا ہے

Dar-e-mihan is dar ko Dawar ne kaha hai
دارِ محن اس دار کو داور نے کہا ہے

Har chashm se khoon-e-jigar is gham mein baha hai
ہر چشم سے خونِ جگر اس غم میں بہا ہے

Furqat mein ajab haal tha Khaliq ke wali ka
فرقت میں عجب حال تھا خالق کے ولی کا

Saath aath baras tak raha Zahra-o-Ali ka
ساتھ آٹھ برس تک رہا زہراؑ و علیؑ کا

The revered one said, "Whose companionship has lasted for ever?
Every lover and beloved has borne this wound;
the Sovereign has called this abode the abode of trials;
from every eye the heart's blood has flowed in this grief.
Strange was the state of the Creator's friend in separation:
Zahra and Ali were together for eight years.

105

Sau sau baras is ghar mein mohabbat se rahe jo
سو سو برس اس گھر میں محبت سے رہے جو

Is maut ne dam bhar mein juda kar diya un ko
اس موت نے دم بھر میں جدا کر دیا ان کو

Kuchh marg se chaara nahin ae Bano-e-khush khoo
کچھ مرگ سے چارہ نہیں اے بانوئے خوش خو

Hai shaq falak ko ke rahen ek jagah do
ہے شاق فلک کو کہ رہیں ایک جگہ دو

Kis kis pe zamane ne jafa ki nahin sahib
کس کس پہ زمانے نے جفا کی نہیں صاحب

Achchhon se kabhi us ne wafa ki nahin sahib
اچھوں سے کبھی اس نے وفا کی نہیں صاحب

"Those who lived in love in this house for a hundred years
death parted in a single moment;
there is no remedy against death, O gentle lady;
heaven cannot bear that two should stay in one place.
On whom has time not been cruel, my lady?
Never has it kept faith with the good, my lady.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

106

Lazim hai Khuda se talab-e-khair bashar ko
لازم ہے خدا سے طلبِ خیر بشر کو

Thaame ga tabahi mein wahi raand ke ghar ko
تھامے گا تباہی میں وہی رانڈ کے گھر کو

Aana hai tumhen bhi wahin jaate hain jidhar ko
آنا ہے تمہیں بھی وہیں جاتے ہیں جدھر کو

Waris ki judai mein patakte nahin sar ko
وارث کی جدائی میں پٹکتے نہیں سر کو

Khole ga wahi rassi bandhe haath tumhaare
کھولے گا وہی رسی بندھے ہاتھ تمہارے

Sajjad sa beta hai jawan saath tumhaare
سجاد سا بیٹا ہے جواں ساتھ تمہارے

"A human being must ask God for good;
He alone will hold up a widow's house in its ruin;
you too must come to the place where I am going;
one does not beat one's head at parting from one's protector.
He will untie the rope from your bound hands;
you have a son like Sajjad, a grown man, with you.

107

Zainab ko to dekho ke hain kis dukh mein giraftar
زینب کو تو دیکھو کہ ہیں کس دکھ میں گرفتار

Aisa koi is ghar mein nahin be kas-o-nachar
ایسا کوئی اس گھر میں نہیں بے کس و ناچار

Tanha hain ke be jaan hue do chaand se dildar
تنہا ہیں کہ بے جاں ہوے دو چاند سے دلدار

Duniya se gaya Akbar-e-nashad sa gham khwar
دنیا سے گیا اکبرِ ناشاد سا غم خوار

Bete bhi nahin god ka pala bhi nahin hai
بیٹے بھی نہیں گود کا پالا بھی نہیں ہے

Un ko to koi poochhne wala bhi nahin hai
ان کو تو کوئی پوچھنے والا بھی نہیں ہے

"Look at Zainab: in what sorrow she is caught!
No one in this house is so friendless and helpless;
she is alone, for her two moon-like darlings are lifeless;
a comforter like the ill-fated Akbar has left the world;
her sons are gone, and the one she raised in her lap is gone too;
she has no one even to ask after her."

Free to read, copy and share

108

Ye keh ke kuchh aahista kaha gosh-e-pisar mein
یہ کہہ کے کچھ آہستہ کہا گوشِ پسر میں

Bimar ke rone se qayamat ho gayi ghar mein
بیمار کے رونے سے قیامت ہو گئی گھر میں

Andher zamana hua Bano ki nazar mein
اندھیر زمانہ ہوا بانو کی نظر میں

Ghash ho gayi Zainab ye utha dard jigar mein
غش ہو گئی زینبؑ یہ اٹھا درد جگر میں

Thahra na gaya waan, shah-e-wala nikal aaye
ٹھہرا نہ گیا واں، شہِ والا نکل آئے

Tanha gaye rote hue tanha nikal aaye
تنہا گئے روتے ہوئے تنہا نکل آئے

Saying this, he whispered something in his son's ear;
the sick one's weeping raised a storm of grief in the tent;
the world grew dark in Bano's eyes;
Zainab fainted, such pain rose in her heart.
He could not stay there; the noble King came out;
alone he had gone in, and alone, weeping, he came out.

109

Kuchh parh ke phire janib-e-qibla shah-e-be par
کچھ پڑھ کے پھرے جانبِ قبلہ شہِ بے پر

Kaj ki taraf-e-dosh-e-yameen gardan-e-anwar
کج کی طرفِ دوشِ یمیں گردنِ انور

Tharraate hue haathon pe amame ko rakh kar
تھراتے ہوئے ہاتھوں پہ عمامے کو رکھ کر

Ki Haq se munajat ke ae Khaliq-e-Akbar
کی حق سے مناجات کہ اے خالقِ اکبر

Hurmat tere mahboob ki duniya mein bari hai
حرمت ترے محبوب کی دنیا میں بڑی ہے

Kar rahm ke aal un ki tabahi mein pari hai
کر رحم کہ آل ان کی تباہی میں پڑی ہے

Reciting something, the helpless King turned toward the qibla;
he bent his radiant neck toward his right shoulder,
and, laying his turban on his trembling hands,
he prayed to God: "O Creator Most Great,
great in the world is the honour of Your beloved;
have mercy, for his family has fallen into ruin.

Free to read, copy and share

110

Ya Rab ye hai sadat ka ghar tere hawale
یارب یہ ہے سادات کا گھر تیرے حوالے

Raanden hain kai khasta jigar tere hawale
رانڈیں ہیں کئی خستہ جگر تیرے حوالے

Bekas ka hai bimar pisar tere hawale
بیکس کا ہے بیمار پسر تیرے حوالے

Sab hain tere darya ke guhar tere hawale
سب ہیں ترے دریا کے گہر تیرے حوالے

Aalam hai ghurbat mein giraftar-e-bala hoon
عالم ہے غربت میں گرفتارِ بلا ہوں

Main teri himayat mein unhen chhor chala hoon
میں تیری حمایت میں انہیں چھوڑ چلا ہوں

"O Lord, this house of the Sayyids is in Your keeping;
the many broken-hearted widows are in Your keeping;
the sick son of this friendless one is in Your keeping;
all these pearls of Your ocean are in Your keeping.
Such is my state: in exile I am caught in calamity;
I am leaving them under Your protection.

111

Mere nahin, bande hain tere ae mere Khaliq
میرے نہیں، بندے ہیں ترے اے مرے خالق

Basti ho ke jangal tu hi hafiz tu hi raziq
بستی ہو کہ جنگل تو ہی حافظ تو ہی رازق

Baandhe hain kamar zulm-o-taaddi pe munafiq
باندھے ہیں کمر ظلم و تعدی پہ منافق

Ne dost hai duniya, na zamana hai muwafiq
نے دوست ہے دنیا، نہ زمانہ ہے موافق

Hurmat hai tere haath Imam-e-azali ki
حرمت ہے ترے ہاتھ امامِ ازلی کی

Do betiyan, do bahuen hain is ghar mein Ali ki
دو بیٹیاں، دو بہوئیں ہیں اس گھر میں علی کی

"They are not mine; they are Your servants, O my Creator;
in a town or in the wilderness, You alone are their guardian and provider;
the hypocrites have girded themselves for cruelty and oppression;
the world is no friend, nor is the age on our side.
The honour of the eternal Imam is in Your hands;
in this house are two daughters and two daughters-in-law of Ali.

Free to read, copy and share

112

Main ye nahin kehta ke aziyat na uthaayen
میں یہ نہیں کہتا کہ اذیت نہ اٹھائیں

Ya ahl-e-sitam aag se kheme na jalaayen
یا اہلِ ستم آگ سے خیمے نہ جلائیں

Namoos luten qaid hon aur Shaam mein jaayen
ناموس لٹیں قید ہوں اور شام میں جائیں

Mohlat mere laashe pe bhi rone ki na paayen
مہلت مرے لاشے پہ بھی رونے کی نہ پائیں

Beri mein qadam tauq mein Abid ka gala ho
بیڑی میں قدم طوق میں عابد کا گلا ہو

Jis mein tere mahboob ki ummat ka bhala ho
جس میں ترے محبوب کی امت کا بھلا ہو

"I do not say that they should suffer no torment,
or that the people of cruelty should not burn the tents with fire;
let the women of honour be plundered and taken captive and go to Syria;
let them not find time even to weep over my body;
let Abid's feet be in fetters and his neck in an iron collar,
if in this lies the good of Your beloved's community."

113

Ye keh ke gareeban-e-mubarak ko kiya chaak
یہ کہہ کے گریبانِ مبارک کو کیا چاک

Aur daal li pairahan-e-pur noor pe kuchh khaak
اور ڈال لی پیراہنِ پر نور پہ کچھ خاک

Mayyat hue Shabbir kafan ban gayi poshaak
میت ہوئے شبیر کفن بن گئی پوشاک

Bas fatiha-e-khair parha ba dil-e-gham nak
بس فاتحۂ خیر پڑھا بادلِ غم ناک

Mur kar na kisi dost na gham khwar ko dekha
مڑ کر نہ کسی دوست نہ غم خوار کو دیکھا

Paas aaye to rote hue rahwar ko dekha
پاس آئے تو روتے ہوئے رہوار کو دیکھا

Saying this, he tore open the collar of his blessed shirt
and threw some dust on his radiant robe;
Shabbir became as one dead; his garment became a shroud;
with a grieving heart he recited the Fatiha for their well-being.
He did not turn back to look at any friend or comforter;
when he came near, he saw that his horse was weeping.

Free to read, copy and share

114

Gardaan ke daaman Ali Akbar ko pukaare
گردان کے دامن علی اکبر کو پکارے

Thaamo mere ghore ka rikab ae mere pyaare
تھامو مرے گھوڑے کا رکاب
اے مرے پیارے

Lakht-e-dil-e-Shabbir kidhar is waqt sidhaare
لختِ دلِ شبیر کدھر اس وقت سدھارے

Bhai hain kahan haath mein den haath hamaare
بھائی ہیں کہاں ہاتھ میں دیں ہاتھ ہمارے

Aate nahin Muslim ke jigar band kahan hain
آتے نہیں مسلم کے جگربند کہاں ہیں

Donon meri hamsheer ke farzand kahan hain
دونوں مری ہمشیر کے فرزند کہاں ہیں

Gathering up his robe, he called to Ali Akbar,
"Hold my horse's stirrup, my dear one;
piece of Shabbir's heart, where have you gone at this hour?
Where is my brother, to give me his hand?
Muslim's darlings do not come: where are they?
Where are my sister's two sons?"

115

Tanhai mein ik ek ko Hazrat ne pukaara
تنہائی میں اک ایک کو حضرت نے پکارا

Kaun aaye ke Firdaus mein tha qafila saara
کون آئے کہ فردوس میں تھا قافلہ سارا

Ghore pe charha khud Asadullah ka pyaara
گھوڑے پہ چڑھا خود اسد اللہ کا پیارا

Uncha hua aflak-e-imamat ka sitaara
اونچا ہوا افلاکِ امامت کا ستارا

Shokhi se faras paaon na rakhta tha zameen par
شوخی سے فرس پاؤں نہ رکھتا تھا زمیں پر

Ghul tha ke chala qutb-e-zaman arsh-e-bareen par
غل تھا کہ چلا قطبِ زماں عرشِ بریں پر

In his loneliness the revered one called on each of them;
but who could come? The whole caravan was in paradise.
The darling of the Lion of God mounted his horse himself;
the star of the heavens of the imamate rose high.
In its spirit the horse would hardly set its hooves on the ground;
a cry went up that the pole of the age was riding to the highest heaven.

Free to read, copy and share

116

Shabdeez ne chhal bal mein ajab naaz dikhaaya
شبدیز نے چھل بل میں عجب ناز دکھایا

Har gaam pe taus ka andaz dikhaaya
ہر گام پہ طاؤس کا انداز دکھایا

Zewar ne ajab husn-e-khudadad dikhaaya
زیور نے عجب حسنِ خداداد دکھایا

Fitrak ne auj-e-par-e-parwaz dikhaaya
فتراک نے اوجِ پرِ پرواز دکھایا

Tha khaak pe ik paaon to ik arsh-e-bareen par
تھا خاک پہ اک پاؤں تو اک عرشِ بریں پر

Ghul tha ke phir utra hai Buraq aaj zameen par
غل تھا کہ پھر اترا ہے براق آج زمیں پر

The steed showed a wondrous pride in its prancing;
at every step it showed the gait of a peacock;
its trappings showed a wondrous God-given beauty;
its saddle-straps showed the height of a wing in flight.
One hoof was on the dust, and one on the highest heaven;
a cry went up that Buraq had come down to earth again today.

117

Aada ki zabanon par ye hairat ki thi taqreer
اعدا کی زبانوں پر یہ حیرت کی تھی تقریر

Hazrat ye rajaz parhte the tole hue shamsheer
حضرت یہ رجز پڑھتے تھے تولے ہوئے شمشیر

Dekho na mitao mujhe ae firqa-e-be peer
دیکھو نہ مٹاؤ مجھے اے فرقۂ بے پیر

Main Yusuf-e-Kanaan-e-risalat ki hoon tasweer
میں یوسفِ کنعانِ رسالت کی ہوں تصویر

Wallah taalli nahin ye kalima-e-haq hai
واللہ تعلّی نہیں یہ کلمۂ حق ہے

Aalam ke muraqqe mein Husain ek waraq hai
عالم کے مرقعے میں حسین ایک ورق ہے

These words of wonder were on the enemies' tongues;
the revered one, poising his sword, was reciting this battle-song:
"Look, do not destroy me, O pitiless band;
I am the image of the Joseph of the Canaan of prophethood.
By Allah, this is no boast; it is a word of truth:
in the album of the world, Husain is a page apart.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

118

Wallah jahan mein mera hamsar nahin koi
واللہ جہاں میں مرا ہمسر نہیں کوئی

Muhtaj hoon par mujh sa tawangar nahin koi
محتاج ہوں پر مجھ سا توانگر نہیں کوئی

Haan mere siwa shafi-e-mahshar nahin koi
ہاں میرے سوا شافعِ محشر نہیں کوئی

Yun sab hain magar sibt-e-Payambar nahin koi
یوں سب ہیں مگر سبطِ پیمبر نہیں کوئی

Batil hai agar dawa-e-ijaz kare ga
باطل ہے اگر دعویٰ اعجاز کرے گا

Kis baat pe duniya mein koi naaz kare ga
کس بات پہ دنیا میں کوئی ناز کرے گا

"By Allah, there is no one my equal in the world;
I am in need, yet no one is as rich as I;
yes, apart from me there is no intercessor on the Day of Gathering;
there are others enough, but no other grandson of the Prophet.
If anyone lays claim to miracles, the claim is false;
what is there in the world that anyone can take pride in?

119

Hum wo hain ke Allah ne Kausar hamen bakhsha
ہم وہ ہیں کہ اللہ نے کوثر ہمیں بخشا

Sardari-e-Firdaus ka afsar hamen bakhsha
سرداریِ فردوس کا افسر ہمیں بخشا

Iqbal-e-Ali khulq-e-Payambar hamen bakhsha
اقبالِ علی خلقِ پیمبر ہمیں بخشا

Qudrat hamen di, zor hamen, zar hamen bakhsha
قدرت ہمیں دی، زور ہمیں، زر ہمیں بخشا

Hum noor hain ghar Toor-e-tajalla hai hamaara
ہم نور ہیں گھر طورِ تجلا ہے ہمارا

Takht-e-bin-e-Dawood musalla hai hamaara
تختِ بنِ داؤد مصلا ہے ہمارا

"We are those to whom Allah gave Kausar;
He gave us the crown of the lordship of paradise;
He gave us Ali's fortune and the Prophet's character;
He gave us power, strength and gold.
We are light; our house is the Sinai of divine radiance;
the throne of David's son is our prayer mat.

Free to read, copy and share

120

Nana wo ke hain jin ke qadam arsh ke sartaj
نانا وہ کہ ہیں جن کے قدم عرش کے سرتاج

Qausain-e-makan, khatm-e-rusul, sahib-e-Meraj
قوسینِ مکان، ختمِ رسل، صاحبِ معراج

Maan aisi ke sab jis ki shafaat ke hain muhtaj
ماں ایسی کہ سب جس کی
شفاعت کے ہیں محتاج

Baap aisa sanam khanon ko jis ne kiya taraj
باپ ایسا صنم خانوں کو جس نے کیا تاراج

Larne ko agar Haidar-e-Safdar na nikalte
لڑنے کو اگر حیدر صفدر نہ نکلتے

But ghar se Khuda ke kabhi baahar na nikalte
بت گھر سے خدا کے کبھی باہر نہ نکلتے

"My grandfather is he whose feet are the crown of the Throne,
whose station was two bows' length, the Seal of the Messengers, the Master of the Ascension;
my mother is one whose intercession all must seek;
my father is he who laid waste the houses of idols.
If Haidar, the breaker of ranks, had not gone out to fight,
the idols would never have come out of the house of God.

121

Kis jang mein seene ko sipar kar ke na aaye
کس جنگ میں سینے کو سپر کر کے نہ آئے

Kis marhala-e-saab ko sar kar ke na aaye
کس مرحلۂ صعب کو سر کر کے نہ آئے

Kis fauj ki saf zer-o-zabar kar ke na aaye
کس فوج کی صف زیر و زبر کر کے نہ آئے

Thi kaun si shab jis ko sahar kar ke na aaye
تھی کون سی شب جس کو سحر کر کے نہ آئے

Tha kaun jo iman tah-e-samsam na laaya
تھا کون جو ایماں تہِ صمصام نہ لایا

Us shakhs ka sar laaye jo Islam na laaya
اس شخص کا سر لائے جو اسلام نہ لایا

"In what battle did he not make his breast a shield?
What hard stage did he not overcome?
What army's ranks did he not overturn?
What night was there that he did not bring to dawn?
Who was there who did not accept the faith beneath his sword?
He brought back the head of any man who would not accept Islam.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

122

Asnam na kuchh kam the, na kuffar the thore
اصنام نہ کچھ کم تھے، نہ کفار تھے تھوڑے

Taqat thi ke Uzza ko koi laat se tore
طاقت تھی کہ عزیٰ کو کوئی لات سے توڑے

Bad keshon ne sajde bhi kiye haath bhi jore
بد کیشوں نے سجدے بھی کئے ہاتھ بھی جوڑے

Be tore wo but Haidar-e-Safdar ne na chhore
بے توڑے وہ بت حیدر صفدر نے نہ چھوڑے

Kaabe ko safa kar diya Khaliq ke karam se
کعبے کو صفا کردیا خالق کے کرم سے

Nikle Asadullah azan de ke haram se
نکلے اسد اللہ اذاں دے کے حرم سے

"The idols were not few, nor were the unbelievers;
who had the strength to break Uzza with a kick?
The idolaters bowed down and folded their hands in entreaty,
but Haidar, the breaker of ranks, left none of those idols unbroken.
By the Creator's grace he made the Kaaba clean;
the Lion of God came out of the sanctuary having given the call to prayer.

123

Is ahd mein malik isi talwar ke hum hain
اس عہد میں مالک اسی تلوار کے ہم ہیں

Jarrar pisar, Haidar-e-Karrar ke hum hain
جرار پسر، حیدر کرار کے ہم ہیں

Farzand Muhammad se jahan dar ke hum hain
فرزند محمدؐ سے جہاں دار کے ہم ہیں

Waris shah-e-Laulak ki sarkar ke hum hain
وارث شہِ لولاک کی سرکار کے ہم ہیں

Kuchh ghair kafan saath nahin le ke gaye hain
کچھ غیر کفن ساتھ نہیں لے کے گئے ہیں

Taboot-e-Sakina bhi hamen de ke gaye hain
تابوت سکینہ بھی ہمیں دے کے گئے ہیں

"In this age it is we who own this very sword;
we are the valiant son of Haidar-e-Karrar;
we are the child of so great a lord of the world as Muhammad (s);
we are the heirs of the court of the King of Laulak.
They took nothing with them but their shrouds;
they have handed down to us even the Ark of Sakina.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

124

Ye farq ye amama-e-sardar-e-zaman hai
یہ فرق یہ عمامۂ سردارِ زمن ہے

Ye tegh-e-Ali hai ye kamar band-e-Hasan hai
یہ تیغِ علی ہے یہ کمربندِ حسن ہے

Ye jaushan-e-Dawood hai jo hafiz-e-tan hai
یہ جوشنِ داؤد ہے جو حافظ تن ہے

Ye pairahan-e-Yusuf-e-Kanaan-e-mihan hai
یہ پیراہنِ یوسفِ کنعانِ محن ہے

Dikhlaayen sanad dast-e-Rasool-e-Arabi ki
دکھلائیں سند دستِ رسول عربیؐ کی

Ye mohr-e-Sulaiman hai, ye khatam hai Nabi ki
یہ مہر سلیماں ہے، یہ خاتم ہے نبی کی

"This is the head, this the turban, of the chief of the age;
this is Ali's sword, this Hasan's belt;
this is David's coat of mail that guards my body;
this is the shirt of the Joseph of the Canaan of trials.
Let me show the warrant from the hand of the Arabian Messenger (s):
this is Solomon's seal, this is the Prophet's ring.

125

Dekho to ye hai kaun se jarrar ki talwar
دیکھو تو یہ ہے کون سے جرار کی تلوار

Kis sher ke qabze mein hai Karrar ki talwar
کس شیر کے قبضے میں ہے کرار کی تلوار

Darya ne bhi dekhi nahin is dhaar ki talwar
دریا نے بھی دیکھی نہیں اس دھار کی تلوار

Bijli ki to bijli hai ye, talwar ki talwar
بجلی کی تو بجلی ہے یہ، تلوار کی تلوار

Qahr-o-ghazab Allah ka hai kaat nahin hai
قہر و غضب اللہ کا ہے کاٹ نہیں ہے

Kehte hain ise maut ka ghar ghaat nahin hai
کہتے ہیں اسے موت کا گھر گھاٹ نہیں ہے

"Look, whose sword is this, what valiant warrior's?
In what lion's grip is the sword of the Karrar?
Even the river has never seen a sword with such an edge;
it is the lightning of lightning, the sword of swords.
It is not a cutting edge but the wrath and fury of Allah;
they call it the home of death, not a blade.

Free to read, copy and share

126

Dam le kahin ruk kar wo rawani nahin is mein
دم لے کہیں رک کر وہ روانی نہیں اس میں

Chalne mein subuk tar hai, girani nahin is mein
چلنے میں سبک تر ہے، گرانی نہیں اس میں

Juz harf-e-zafar aur nishani nahin is mein
جز حرفِ ظفر اور نشانی نہیں اس میں

Jal jaao ge sab aag hai paani nahin is mein
جل جاؤ گے سب آگ ہے پانی نہیں اس میں

Chhore gi na zinda use jo dushman-e-deen hai
چھوڑے گی نہ زندہ اسے جو دشمن دیں ہے

Taaben nahin, ghusse se ajal cheen ba jabeen hai
تابیں نہیں، غصے سے اجل چیں بہ جبیں ہے

"It has no flow that stops somewhere to take breath;
it moves most lightly; there is no heaviness in it;
it bears no mark but the word of victory;
you will all be burned: it is fire, there is no water in it.
It will not leave alive anyone who is an enemy of the faith;
those are not its gleams: it is Death, frowning in anger.

127

Sab qatre hain gar faiz ke darya hain to hum hain
سب قطرے ہیں گر فیض کے دریا ہیں تو ہم ہیں

Har nuqta-e-Quran ke shanasa hain to hum hain
ہر نقطۂ قرآں کے شناسا ہیں تو ہم ہیں

Haq jis ka hai jame wo zakheera hain to hum hain
حق جس کا ہے جامع وہ ذخیرہ ہیں تو ہم ہیں

Afzal hain to hum, alim-o-dana hain to hum hain
افضل ہیں تو ہم، عالم و دانا ہیں تو ہم ہیں

Taleem-e-malak arsh pe tha wird hamaara
تعلیم ملک عرش پہ تھا ورد ہمارا

Jibreel sa ustad hai shagird hamaara
جبریل سا استاد ہے شاگرد ہمارا

"All others are drops; if there are rivers of bounty, it is we;
if any know every point of the Quran, it is we;
if there is a treasure that God Himself has gathered, it is we;
if any are the most excellent, it is we; if any are learned and wise, it is we.
On the Throne our daily practice was teaching the angels;
a teacher like Gabriel is our pupil.

Free to read, copy and share

128

Gar faiz-e-zuhoor-e-shah-e-Laulak na hota	گر فیض ظہورِ شہِ لولاک نہ ہوتا
Bala-e-zameen gumbad-e-aflak na hota	بالائے زمیں گنبدِ افلاک نہ ہوتا
Kuchh khaak ke tabqe mein, bajuz khaak na hota	کچھ خاک کے طبقے میں، بجز خاک نہ ہوتا
Hum pak na karte to jahan pak na hota	ہم پاک نہ کرتے تو جہاں پاک نہ ہوتا
Ye shor azan ka sahar-o-shaam kahan tha	یہ شور اذاں کا سحر و شام کہاں تھا
Hum arsh pe jab the to ye Islam kahan tha	ہم عرش پہ جب تھے تو یہ اسلام کہاں تھا

"Had it not been for the bounty of the coming of the King of Laulak,
there would be no dome of the heavens above the earth;
in the layers of the earth there would be nothing but dust;
had we not purified the world, it would not be pure.
Where was this sound of the call to prayer, morning and evening?
When we were on the Throne, where was this Islam?

129

Mohsin se badi hai yahi ehsan ka iwaz waah	محسن سے بدی ہے یہی احساں کا عوض واہ
Dushman ke hawa khwah hue dost ke bad khwah	دشمن کے ہوا خواہ ہوئے دوست کے بد خواہ
Gumraah ke behkaane se roko na meri raah	گمراہ کے بہکانے سے روکو نہ مری راہ
Lo ab bhi musafir ko nikal jaane do lillah	لو اب بھی مسافر کو نکل جانے دو لِلّٰہ
Mil jaaye gi ik dam mein aman ranj-o-bala se	مل جائے گی اک دم میں اماں رنج و بلا سے
Main zibah se bach jaaun ga, tum qahr-e-Khuda se	میں ذبح سے بچ جاؤں گا، تم قہر خدا سے

"Evil done to a benefactor: is this the return for kindness? Bravo!
You have become well-wishers of the enemy and ill-wishers of the friend;
do not block my way at the prompting of the misguided;
even now, for Allah's sake, let the traveller go.
In a moment there will be safety from grief and calamity:
I shall escape slaughter, and you the wrath of God.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

130

Basti mein kahin maskan-o-mawa na karoon ga
بستی میں کہیں مسکن و ماوا نہ کروں گا

Yasrib mein bhi jaane ka irada na karoon ga
یثرب میں بھی جانے کا ارادہ نہ کروں گا

Sabir hoon kisi ka kabhi shikwa na karoon ga
صابر ہوں کسی کا کبھی شکوا نہ کروں گا

Is zulm ka main zikr bhi asla na karoon ga
اس ظلم کا میں ذکر بھی اصلا نہ کروں گا

Rona na chhute ga ke azizon se chhupa hoon
رونا نہ چھٹے گا کہ عزیزوں سے چھپا ہوں

Jo poochhe ga keh doon ga ke jangal mein luta hoon
جو پوچھے گا کہہ دوں گا کہ جنگل میں لٹا ہوں

"I shall not make my home or shelter in any town;
I shall not even think of going to Yasrib;
I am patient; I shall never complain of anyone;
I shall never so much as mention this cruelty.
My weeping will not cease, for I am hidden away from my loved ones;
whoever asks, I shall say that I was plundered in the wilderness."

131

Aada ne kaha qahr-e-Khuda se nahin darte
اعدا نے کہا قہرِ خدا سے نہیں ڈرتے

Nari to hain dozakh ki jafa se nahin darte
ناری تو ہیں دوزخ کی جفا سے نہیں ڈرتے

Faryad-e-Rasool-e-do sara se nahin darte
فریادِ رسولِؐ دوسرا سے نہیں ڈرتے

Khatoon-e-qayamat ki buka se nahin darte
خاتونِ قیامت کی بکا سے نہیں ڈرتے

Hum log jidhar daulat-e-duniya hai udhar hain
ہم لوگ جدھر دولتِ دنیا ہے ادھر ہیں

Allah se kuchh kaam nahin banda-e-zar hain
اللہ سے کچھ کام نہیں بندۂ زر ہیں

The enemies said, "We do not fear the wrath of God;
we are people of the Fire; we do not fear the torments of hell;
we do not fear the complaint of the Messenger (s) of both worlds;
we do not fear the weeping of the Lady of the Resurrection.
We are on whichever side the wealth of the world is;
we have nothing to do with Allah: we are slaves of gold."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

132

Hazrat ne kaha khair khabardar safon se
حضرت نے کہا خیر خبردار صفوں سے

Aaya ghazab Allah ka hushyar safon se
آیا غضب اللہ کا ہشیار صفوں سے

Bijli sa guzar jaaun ga har baar safon se
بجلی سا گزر جاؤں گا ہر بار صفوں سے

Kab Panjtani rukte hain do chaar safon se
کب پنجتنی رکتے ہیں دو چار صفوں سے

Ghurbat ke chalan dekh chuke, harb ko dekho
غربت کے چلن دیکھ چکے، حرب کو دیکھو

Lo banda-e-zar ho, to meri zarb ko dekho
لو بندۂ زر ہو، تو مری ضرب کو دیکھو

The revered one said, "So be it: ranks, be on your guard;
the wrath of Allah is coming: take heed, you ranks;
like lightning I shall pass through the ranks again and again;
when are the people of the Panjtan held back by a few ranks?
You have seen my ways in exile; now see me in war;
come, if you are slaves of gold, then see my blow."

133

Yaan gosha-e-uzlat, kham-e-shamsheer ne chhora
یاں گوشۂ عزلت، خمِ شمشیر نے چھوڑا

Waan sahm ke chille ko har ek teer ne chhora
واں سہم کے چلے کو ہر ایک تیر نے چھوڑا

Kis qahr se ghar maut ki tasweer ne chhora
کس قہر سے گھر موت کی تصویر نے چھوڑا

Sahil ko saf-e-lashkar-e-be peer ne chhora
ساحل کو صفِ لشکرِ بے پیر نے چھوڑا

Anqa-e-zafar fath ka dar khol ke nikla
عنقائے ظفر فتح کا در کھول کے نکلا

Shahbaz-e-ajal, said ko, par tol ke nikla
شہباز اجل، صید کو، پر تول کے نکلا

Here the curved sword left its corner of seclusion;
there every arrow, in fear, left the bowstring;
with what fury the image of death left its home!
The ranks of the pitiless army left the riverbank.
The phoenix of victory came out, opening the door of triumph;
the falcon of death came out, poising its wings for the prey.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

134

Jalwa kiya badli se nikal kar mah-e-nau ne
جلوہ کیا بدلی سے نکل کر مہِ نو نے

Dikhlaaye hawa mein do sar, ik shama ki lau ne
دکھلائے ہوا میں دو سر، اک شمع کی لو نے

Tarpa diya bijli ko faras ki tag-o-dau ne
تڑپا دیا بجلی کو فرس کی تگ و دَو نے

Taaka sipar-e-mehr ko shamsheer ki zau ne
تاکا سپر مہر کو شمشیر کی ضو نے

Aada to chhupaane lage dhaalon pe saron ko
اعدا تو چھپانے لگے ڈھالوں پہ سروں کو

Jibreel ne uncha kiya ghabra ke paron ko
جبریل نے اونچا کیا گھبرا کے پروں کو

The new moon came out from the cloud and shone;
a single candle flame showed two heads in the air;
the racing of the horse made the lightning writhe;
the sword's gleam took aim at the shield of the sun.
The enemies began to hide their heads behind their shields;
Gabriel, alarmed, raised his wings high.

135

Bala se jo aai wo bala janib-e-pasti
بالا سے جو آئی وہ بلا جانبِ پستی

Bas neest hui dam mein sitam garon ki basti
بس نیست ہوئی دم میں ستم گاروں کی بستی

Chalne lagi yak dast jo shamsheer-e-do dasti
چلنے لگی یک دست جو شمشیر دو دستی

Maloom hua lut gayi sab kufr ki basti
معلوم ہوا لٹ گئی سب کفر کی بستی

Zor un ke har ik zarb mein Allah ne tore
زور ان کے ہر اک ضرب میں اللہ نے توڑے

Tooten jo safen but Asadullah ne tore
ٹوٹیں جو صفیں بت اسد اللہ نے توڑے

When that calamity came down from on high,
the settlement of the oppressors was wiped out in a moment;
when the two-handed sword began to work single-handed,
it seemed the whole city of unbelief had been plundered.
Allah broke their strength at every blow;
the ranks broke as the idols broke under the Lion of God.

Free to read, copy and share

136

Bijli si jo gir kar saf-e-kuffar se nikli
بجلی سی جو گِر کر صفِ کفار سے نکلی

Aawaz bazan tegh ki jhankar se nikli
آواز بزن تیغ کی جھنکار سے نکلی

Gah dhaal mein doobi kabhi talwar se nikli
کہہ ڈھال میں ڈوبی کبھی تلوار سے نکلی

Dar aai jo paikan mein to sofar se nikli
در آئی جو پیکاں میں تو سوفار سے نکلی

The band khata karon pe dar amn-o-aman ke
تھے بند خطا کاروں پہ در امن و اماں کے

Chille bhi chhupe jaate the goshon mein kamaan ke
چلے بھی چھپے جاتے تھے گوشوں میں کماں کے

When, falling like lightning, it came out through the ranks of the unbelievers,
from the ringing of the sword came the cry, "Strike!"
now it sank into a shield, now it came out through a sword;
when it pierced an arrowhead, it came out at the notch.
The doors of peace and safety were shut on the wrongdoers;
even the bowstrings hid themselves in the corners of the bows.

137

Aflak pe chamki kabhi, sar par kabhi aai
افلاک پہ چمکی کبھی، سر پر کبھی آئی

Kaundi kabhi jaushan pe, sipar par kabhi aai
کوندی کبھی جوشن پہ، سپر پر کبھی آئی

Gah par gayi seena pe, jigar par kabhi aai
کہہ پڑ گئی سینہ پہ، جگر پر کبھی آئی

Tarpi kabhi pahlu pe, kamar par kabhi aai
تڑپی کبھی پہلو پہ، کمر پر کبھی آئی

Tai kar ke phir kaun sa qissa tha faras ka
طے کر کے پھر کون سا قصہ تھا فرس کا

Baaqi tha jo kuchh kaat, wo hissa tha faras ka
باقی تھا جو کچھ کاٹ، وہ حصہ تھا فرس کا

Now it flashed in the heavens, now it came down on a head;
now it flashed on a coat of mail, now it came down on a shield;
now it fell on a breast, now it came down on a heart;
now it quivered on a flank, now it came down on a waist.
When it had cut its way through, what then of the horse?
Whatever cutting was left over was the horse's share.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

138

Be paaon jidhar haath se chalti hui aai
Nadi idhar ik khoon ki ubalti hui aai
Dam bhar mein sau sau rang badalti hui aai
Pi pi ke lahu laal ugalti hui aai
Heera tha badan, rang zumurrud se hara tha
Jauhar na kaho pet jawahir se bhara tha

بے پاؤں جدھر ہاتھ سے چلتی ہوئی آئی
ندی ادھر اک خوں کی ابلتی ہوئی آئی
دم بھر میں سو سو رنگ بدلتی ہوئی آئی
پی پی کے لہو لعل اگلتی ہوئی آئی
ہیرا تھا بدن، رنگ زمرد سے ہرا تھا
جوہر نہ کہو پیٹ جواہر سے بھرا تھا

Wherever it went, moving without feet in his hand,
a river of blood came boiling up there;
in a moment it came on, changing a hundred colours;
drinking blood, it came on spitting out rubies.
Its body was diamond, its colour greener than emerald;
do not call them its markings: its belly was full of jewels.

139

Zeba tha dam-e-jang pari wash use kehna
Mashooq bani surkh libas us ne jo pehna
Is auj pe wo sar ko jhukaaye hue rehna
Jauhar the ke pehne thi dulhan phoolon ka gehna
Seb-e-chaman-e-khuld ki boo baas thi phal mein
Rehti thi wo Shabbir se dulha ki baghal mein

زیبا تھا دمِ جنگ پری وش اسے کہنا
معشوق بنی سرخ لباس اس نے جو پہنا
اس اوج پہ وہ سر کو جھکائے ہوئے رہنا
جوہر تھے کہ پہنے تھی دلہن پھولوں کا گہنا
سیب چمنِ خلد کی بو باس تھی پھل میں
رہتی تھی وہ شبیر سے دولہا کی بغل میں

In battle it was fitting to call it fairy-faced;
it became a beloved when it put on red clothes;
for all its eminence, it kept its head bowed;
its markings were a bride's ornaments of flowers.
Its blade had the scent of the apples of the garden of paradise;
it stayed at the side of a bridegroom like Shabbir.

Free to read, copy and share

140

Sar patke to mauj us ki rawani ko na pahunche
سر پٹکے تو موج اس کی روانی کو نہ پہونچے

Qulzum ka bhi dhaara ho to paani ko na pahunche
قلزم کا بھی دھارا ہو تو پانی کو نہ پہونچے

Bijli ki tarap shola fishani ko na pahunche
بجلی کی تڑپ شعلہ فشانی کو نہ پہونچے

Khanjar ki zaban tegh zabani ko na pahunche
خنجر کی زباں تیغ زبانی کو نہ پہونچے

Dozakh ki zabanon se bhi aanch us ki buri thi
دوزخ کی زبانوں سے بھی آنچ اس کی بری تھی

Barchhi thi, katari thi, sirohi thi, chhuri thi
برچھی تھی، کٹاری تھی، سر
وہی تھی، چھری تھی

Though the wave beat its head, it could not match its flow;
even the current of the Red Sea could not match its water;
the lightning's flash could not match its scattering of flame;
the dagger's tongue could not match its cutting speech.
Its heat was worse than the tongues of hell;
it was a lance, a dagger, a Sirohi blade, a knife.

141

Maujood bhi har ghol mein aur sab se juda bhi
موجود بھی ہر غول میں اور سب سے جدا بھی

Dam kham bhi, lagawat bhi, safai bhi, ada bhi
دم خم بھی، لگاوٹ بھی، صفائی بھی، ادا بھی

Ik ghaat pe thi aag bhi, paani bhi, hawa bhi
اک گھاٹ پہ تھی آگ بھی، پانی بھی، ہوا بھی

Amrit bhi, halahal bhi, Masiha bhi, qaza bhi
امرت بھی، ہلاہل بھی، مسیحا بھی، قضا بھی

Kya sahib-e-jauhar thi ajab zarf tha us ka
کیا صاحب جوہر تھی عجب ظرف تھا اس کا

Mauqa tha jahan jis ka wahin sarf tha us ka
موقع تھا جہاں جس کا وہیں صرف تھا اس کا

It was present in every throng, and apart from all;
it had vigour and allure, polish and grace;
at a single ford it was fire and water and air;
it was nectar and poison, the Messiah and death.
How full of mettle it was! What wondrous capacity it had!
Wherever each was called for, there it was spent.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

142

Har dhaal ke phoolon ko urata tha phal us ka
ہر ڈھال کے پھولوں کو اڑاتا تھا پھل اس کا

Tha lashkar-e-baaghi mein azal se amal us ka
تھا لشکرِ باغی میں ازل سے عمل اس کا

Dar jaati thi munh dekh ke har dam ajal us ka
ڈر جاتی تھی منہ دیکھ کے ہر دم اجل اس کا

Tha qila-e-chaar aaina, goya amal us ka
تھا قلعۂ چار آئینہ، گویا عمل اس کا

Is dar se gayi khol ke wo dar nikal aai
اس در سے گئی کھول کے وہ در نکل آئی

Gah sadr mein baithi, kabhi baahar nikal aai
کہہ صدر میں بیٹھی، کبھی باہر نکل آئی

Its blade sent flying the bosses of every shield;
from eternity it had held sway over the rebel army;
Death itself took fright whenever it saw its face;
its sway was like a fortress of mirrored plate.
It went in by this door and, opening that one, came out;
now it settled in the breast, now it came out again.

143

Nezon pe gayi barchhiyon waalon ki taraf se
نیزوں پہ گئی برچھیوں والوں کی طرف سے

Ja pahunchi kamaan daaron pe phaalon ki taraf se
جا پہونچی کماں داروں پہ پھالوں کی طرف سے

Phir aai sawaaron ke risalon ki taraf se
پھر آئی سواروں کے رسالوں کی طرف سے

Munh teghon ki janib kiya dhaalon ki taraf se
منہ تیغوں کی جانب کیا ڈھالوں کی طرف سے

Bas ho gaya daftar nazari, naam-o-nasab ka
بس ہو گیا دفتر نظری، نام و نسب کا

Laakhon the, to kya dekh liya jaiza sab ka
لاکھوں تھے، تو کیا دیکھ لیا جائزہ سب کا

It went at the spears from the side of the lancers;
it reached the archers from the side of the blades;
then it came back from the side of the cavalry troops;
from the side of the shields it turned its face toward the swords.
The whole roll of names and lineages was reviewed;
there were hundreds of thousands: what of it? It took the measure of them all.

Free to read, copy and share

144

Pahunchi jo sipar tak to kalaai ko na chhora
Har haath mein sabit kisi ghaai ko na chhora
Shokhi ko, shararat ko, larai ko na chhora
Tezi ko, rukhaai ko, safai ko na chhora
Aaza-e-badan qata hue jaate the sab ke
Qainchi si zaban chalti thi fiqre the ghazab ke

پہونچی جو سپر تک تو کلائی کو نہ چھوڑا
ہر ہاتھ میں ثابت کسی گھائی کو نہ چھوڑا
شوخی کو، شرارت کو، لڑائی کو نہ چھوڑا
تیزی کو، رکھائی کو، صفائی کو نہ چھوڑا
اعضائے بدن قطع ہوئے جاتے تھے سب کے
قینچی سی زباں چلتی تھی
فقرے تھے غضب کے

When it reached a shield it did not spare the wrist;
in every hand it left not one finger-joint whole;
it did not give up its playfulness, its mischief, its fighting,
nor its keenness, its harshness, its polish.
Everyone's limbs were being severed;
its tongue ran like scissors, and its taunts were fierce.

145

Chaar aaina waalon ko na tha jang ka yaara
Chau rang the seene to kaleja tha do paara
Kehte the zirah posh nahin jang ka yaara
Bach jaayen to jaanen ke mili jaan dobara
Jaushan ko suna tha ke hifazat ka mahal hai
Is ki na khabar thi ke yahi daam-e-ajal hai

چار آئینہ والوں کو نہ تھا جنگ کا یارا
چو رنگ تھے سینے تو کلیجہ تھا دو پارا
کہتے تھے زرہ پوش نہیں جنگ کا یارا
بچ جائیں تو جانیں کہ ملی جان دوبارہ
جوشن کو سنا تھا کہ حفاظت کا محل ہے
اس کی نہ خبر تھی کہ یہی دامِ اجل ہے

Those in mirrored armour had no strength to fight;
their breasts were cut in pieces, their hearts split in two;
the mail-clad cried, "We have no strength to fight;
if we escape, we shall know we have been given life again."
They had heard that a coat of mail was a place of safety;
they did not know that it was the snare of death.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

146

Bad kashi larai ka chalan bhool gaye the
بد کشی لڑائی کا چلن بھول گئے تھے

Navak fagani teer fagan bhool gaye the
ناوک فگنی تیر فگن بھول گئے تھے

Sab heela gari, ahd shikan bhool gaye the
سب حیلہ گری، عہد شکن بھول گئے تھے

Be hoshi mein tarkash ka dahan bhool gaye the
بے ہوشی میں ترکش کا دہن بھول گئے تھے

Maloom na tha jism mein jaan hai ke nahin hai
معلوم نہ تھا جسم میں جاں ہے کہ نہیں ہے

Chillaate the qabze mein kamaan hai ke nahin hai
چلاتے تھے قبضے میں کماں ہے کہ نہیں ہے

They had forgotten their wickedness and the ways of battle;
the archers had forgotten how to shoot their arrows;
the treaty-breakers had forgotten all their trickery;
in their stupor they had forgotten the mouth of the quiver.
They did not know whether there was life in their bodies or not;
they cried out: was the bow in their grip or not?

147

Dar dar ke qad-e-rast sinanon ne jhukaaye
ڈر ڈر کے قدِ راست سنانوں نے جھکائے

Dab dab ke sar-e-ijz kamaanon ne jhukaaye
دب دب کے سرِ عجز کمانوں نے جھکائے

Hat hat ke alam, ran mein jawanon ne jhukaaye
ہٹ ہٹ کے علَم، رن میں
جوانوں نے جھکائے

Sar khaak pe gir gir ke nishanon ne jhukaaye
سر خاک پہ گر گر کے نشانوں نے جھکائے

Ghul tha ke panah, ab hamen ya shah-e-zaman do
غل تھا کہ پناہ، اب ہمیں یا شاہِ زماں دو

Phailaaye the daaman ko, pharere, ke aman do
پھیلائے تھے دامن کو، پھریرے، کہ اماں دو

In fear the spearheads bowed their upright statures;
cowering, the bows bowed their heads in submission;
falling back, the young men on the field lowered their standards;
the banners fell again and again and bowed their heads to the dust.
There was a cry: "Mercy! O King of the age, give us refuge now!"
The pennants spread their skirts, begging, "Grant us safety!"

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

148

Shah kehte the hai baarh pe darya na ruke ga
شہ کہتے تھے ہے باڑھ پہ دریا نہ رکے گا

Is mauj pe aafat ka tamancha na ruke ga
اس موج پہ آفت کا طمانچہ نہ رکے گا

Be fath-o-zafar dilbar-e-Zahra na ruke ga
بے فتح و ظفر، دلبر زہرا نہ رکے گا

Ta gharq na Firaun ho, Musa na ruke ga
تا غرق نہ فرعون ہو، موسیٰؑ نہ رکے گا

Hai bahr-e-ghazab naam hai qahr-e-Samad us ka
ہے بحرِ غضب نام ہے قہر صمد اس کا

Rukne ka nahin shaam talak jazr-o-mad us ka
رکنے کا نہیں شام تلک جزر و مد اس کا

The King said, "The river is in flood; it will not stop;
the slap of calamity in this wave will not be held back;
Zahra's darling will not stop without victory and triumph;
until Pharaoh is drowned, Moses (a) will not stop.
It is a sea of wrath; its name is the fury of the Eternal;
its ebb and flow will not stop until evening."

149

Is saf se gaye beech se us ghol ke nikle
اس صف سے گئے بیچ سے اس غول کے نکلے

Jo fauj chhiri munh pe use raul ke nikle
جو فوج چھڑی منہ پہ اسے رول کے نکلے

Anboh se yun tegh-e-do sar tol ke nikle
انبوہ سے یوں تیغ دو سر تول کے نکلے

Goya dar-e-Khaibar ko, Ali khol ke nikle
گویا درِ خیبر کو، علیؑ کھول کے نکلے

Duniya jo bachi, rooh-e-Muhammad ka sabab tha
دنیا جو بچی، روحِ محمدؐ کا سبب تھا

Shabbir agar rahm na karte to ghazab tha
شبیر اگر رحم نہ کرتے تو غضب تھا

He went at this rank and came out through the middle of that throng;
whatever army engaged him face to face, he trampled it and came through;
he came out of the crowd poising his two-pointed sword
as Ali came out after flinging open the gate of Khaibar.
If the world survived, it was because of the spirit of Muhammad (s);
had Shabbir not shown mercy, there would have been a disaster.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

150

Larte the magar ghaiz se rahmat thi ziyada
لڑتے تھے مگر غیظ سے رحمت تھی زیادہ

Shafqat bhi na kam thi jo shujaat thi ziyada
شفقت بھی نہ کم تھی جو شجاعت تھی زیادہ

Nana ki tarah khatir-e-ummat thi ziyada
نانا کی طرح خاطرِ امّت تھی زیادہ

Beton se ghulamon ki mohabbat thi ziyada
بیٹوں سے غلاموں کی محبّت تھی زیادہ

Talwar na maari jise munh morte dekha
تلوار نہ ماری جسے منہ موڑتے دیکھا

Aansoo nikal aaye jise dam torte dekha
آنسو نکل آئے جسے دم توڑتے دیکھا

He fought, but his mercy was greater than his anger;
if his courage was great, his kindness was no less;
like his grandfather, he cared most for the community;
he loved his slaves more than his sons.
He struck no one he saw turning away;
tears came to his eyes when he saw a man breathing his last.

151

Farmaate the aada ko taraai se bhaga kar
فرماتے تھے اعدا کو ترائی سے بھگا کر

Kyun chhor diya ghaat ko, roko hamen aa kar
کیوں چھوڑ دیا گھاٹ کو، روکو ہمیں آ کر

Dawat yunhi karte hain musafir ko bula kar?
دعوت یونہی کرتے ہیں مسافر کو بلا کر؟

Hum chaahen to paani bhi piyen nahr mein ja kar
ہم چاہیں تو پانی بھی پئیں نہر میں جا کر

Par sabr ke darya mein hamen pyaas nahin hai
پر صبر کے دریا میں ہمیں پیاس نہیں ہے

Ab zehr ye paani hai ke Abbas nahin hai
اب زہر یہ پانی ہے کہ عبّاس نہیں ہے

Having driven the enemies from the riverbank, he would say,
"Why have you abandoned the landing? Come and stop me;
is this how you entertain a traveller you have invited?
If I wished, I could go into the river and drink;
but in the river of patience I feel no thirst;
this water is poison now, for Abbas is no more.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

152

Bhooli nahin Akbar ki hamen tishna dahani
بھولی نہیں اکبر کی ہمیں تشنہ دہانی

Wo chaand sa rukh, wo qad-o-qamat, wo jawani
وہ چاند سا رخ، وہ قد و قامت، وہ جوانی

Wo sookhe hue hont, wo ijaz bayani
وہ سوکھے ہوئے ہونٹ، وہ اعجاز بیانی

Dikhla ke zaban maangte the naza mein paani
دکھلا کے زباں مانگتے تھے نزع میں پانی

Kis se kahen jo khoon-e-jigar hum ne piya hai
کس سے کہیں جو خونِ جگر ہم نے پیا ہے

Baad aise pisar ke bhi, kahin baap jiya hai?
بعد ایسے پسر کے بھی، کہیں باپ جیا ہے؟

"I have not forgotten Akbar's parched mouth,
that moon-like face, that stature, that youth,
those dried lips, that wondrous eloquence;
showing his tongue, he begged for water in his death throes.
To whom can I tell how I have drunk my heart's blood?
After such a son, has any father lived on?"

153

Ye keh ke Sakina ke bahishti ko pukaare
یہ کہہ کے سکینہ کے بہشتی کو پکارے

Ulfat hamen le aai hai phir paas tumhaare
الفت ہمیں لے آئی ہے پھر پاس تمھارے

Larte hue aa pahunche hain darya ke kinaare
لڑتے ہوئے آ پہنچے ہیں دریا کے کنارے

Abbas, ghash aata hai hamen pyaas ke maare
عبّاس، غش آتا ہے ہمیں پیاس کے مارے

In sookhe hue honton se honton ko mila do
اِن سوکھے ہوئے ہونٹوں سے ہونٹوں کو ملا دو

Kuchh mashk mein paani ho to bhai ko pila do
کچھ مشک میں پانی ہو تو بھائی کو پلا دو

Saying this, he called to Sakina's water-carrier:
"Love has brought me back to you;
fighting, I have reached the riverbank;
Abbas, I am fainting from thirst;
press your lips to these dry lips;
if there is any water in the water-skin, give your brother a drink.

Free to read, copy and share

154

Lete hue ho ret mein kyun munh ko chhupaaye
لیٹے ہوئے ہو ریت میں کیوں منہ کو چھپائے

Utho ke Sakina ko yahan hum nahin laaye
اٹھو کہ سکینہ کو یہاں ہم نہیں لائے

Ghafil ho, biradar tumhen kis tarah jagaaye
غافل ہو، برادر تمھیں کس طرح جگائے

Hai asr ka waqt, ae Asadullah ke jaaye
ہے عصر کا وقت، اے اسداللہ کے جائے

Khush hoon ga main, aage jo alam le ke barho ge
خوش ہوں گا میں، آگے جو
عَلَم لے کے بڑھو گے

Kya bhai ke peechhe na namaz aaj parho ge?
کیا بھائی کے پیچھے نہ نماز آج پڑھو گے؟

"Why are you lying in the sand, hiding your face?
Rise: I have not brought Sakina here;
you are unheeding; how can your brother wake you?
It is the time of the afternoon prayer, O son of the Lion of God;
I shall be glad if you go forward bearing the standard;
will you not pray behind your brother today?"

155

Keh kar ye sukhan rone laga bhai ko bhai
کہہ کر یہ سخن رونے لگا بھائی کو بھائی

Talwar se mohlat sitam ijadon ne paai
تلوار سے مہلت ستم ایجادوں نے پائی

Jis fauj ne ran chhor diya tha wo phir aai
جس فوج نے رن چھوڑ دیا تھا وہ پھر آئی

Do roz ke pyaase ye, ghata Shaam ki chhaai
دو روز کے پیاسے یہ، گھٹا شام کی چھائی

Baarish hui teeron ki wali ibn-e-wali par
بارش ہوئی تیروں کی ولی ابنِ ولی پر

Sab toot pare ek Husain ibn-e-Ali par
سب ٹوٹ پڑے ایک حسین ابنِ علی پر

Saying these words, the brother began to weep for his brother;
the inventors of cruelty found respite from the sword;
the army that had left the field came back;
over the one who had thirsted two days, the cloud of Syria gathered.
Arrows rained down on the friend of God, son of the friend of God;
all of them fell upon Husain, son of Ali, alone.

Free to read, copy and share

156

Ki shah ne jo seene pe nazar ponchh ke aansoo
Sab chhaati se the pahluon tak teer seh pahlu
Har simt se teghen jo lagaate the jafa joo
Salim na kalaai thi, na shana tha, na bazu
Bargashta zamana tha shah-e-tishna gulu se
Phal barchhiyon ke surkh the Sayyid ke lahu se

لی شہ نے جو سینے پہ نظر پونچھ کے آنسو
سب چھاتی سے تھے پہلوؤں تک تیر سہ پہلو
ہر سمت سے تیغیں جو لگاتے تھے جفا جو
سالم نہ کلائی تھی، نہ شانہ تھا، نہ بازو
برگشتہ زمانہ تھا شہِ تشنہ گلُو سے
پھل برچھیوں کے سرخ تھے سیّد کے لہو سے

When the King wiped away his tears and looked at his breast,
from his chest to his sides it was all three-edged arrows;
the cruel ones struck him with swords from every side;
neither wrist nor shoulder nor arm was whole.
Fortune had turned against the King with the parched throat;
the heads of the lances were red with the Sayyid's blood.

157

Zakhmon se jo wo dast-e-mubarak hue bekaar
Harne pe dhari shah ne sipar, miyan mein talwar
Bas Kaaba-e-iman ke qareeb aa gaye kuffar
Mazloom ko teghen jo lagaane lage ik baar
Yun shah ko ghere the pare fauj-e-sitam ke
Jis tarah saf aara the sanam gird-e-haram ke

زخموں سے جو وہ دستِ مبارک ہوئے بیکار
ہرنے پہ دھری شاہ نے سپر، میان میں تلوار
بس کعبۂ ایماں کے قریب آ گئے کفّار
مظلوم کو تیغیں جو لگانے لگے اک بار
یوں شاہ کو گھیرے تھے پرے فوجِ ستم کے
جس طرح صف آرا تھے صنم گردِ حرم کے

When those blessed hands were made useless by wounds,
the King laid his shield on the saddle-bow and put his sword in its sheath;
then the unbelievers came right up to the Kaaba of faith
and all at once began to strike the wronged one with swords.
The ranks of the army of cruelty surrounded the King
just as the idols once stood ranged around the Sanctuary.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

158

Sajde ki jagah chhori na teeron ne jabeen par
سجدے کی جگہ چھوڑی نہ تیروں نے جبیں پر

Taqdeer ne likkhe kai naqsh ek nageen par
تقدیر نے لکھّے کئی نقش ایک نگیں پر

Kasrat thi jarahat ki rukh-e-qibla-e-deen par
کثرت تھی جراحت کی رخِ قبلۂ دیں پر

Har ja khat-e-shamsheer thi Quran-e-mubeen par
ہر جا خطِ شمشیر تھی قرآنِ مبیں پر

Talwaron ke tukre the har ik juz-e-badan par
تلواروں کے ٹکڑے تھے ہر اک جزوِ بدن پر

Majmooa pareshan tha, si paara-e-tan par
مجموعہ پریشان تھا، سی پارۂ تن پر

The arrows left no place on his forehead for prostration;
fate engraved many marks on a single gem;
the face of the qibla of faith was covered with wounds;
everywhere on that clear Quran were the lines of the sword.
On every part of his body were fragments of swords;
the whole volume of his body lay scattered in its thirty parts.

159

Hazrat ki ye surat thi, faras ka tha ye ahwal
حضرت کی یہ صورت تھی، فرس کا تھا یہ احوال

Munh teghon se zakhmi tha badan teeron se ghirbal
منہ تیغوں سے زخمی تھا بدن تیروں سے غربال

Ghayal thi jabeen, khoon mein doobi hui thi yaal
گھائل تھی جبیں، خون میں ڈوبی ہوئی تھی یال

Gardan ka wo kainda na wo shokhi thi na wo chaal
گردن کا وہ کینڈا نہ وہ شوخی تھی نہ وہ چال

Har simt se teeron ka jo meenh us pe para tha
ہر سمت سے تیروں کا جو مینہ اس پہ پڑا تھا

Par khole hue dhoop mein taus khara tha
پر کھولے ہوئے دھوپ میں طاؤس کھڑا تھا

Such was the state of the revered one; this was the state of his horse:
its face was wounded by swords, its body a sieve from the arrows;
its forehead was wounded, its mane drenched in blood;
gone was the fine set of its neck, its spirit and its gait.
With the rain of arrows that had fallen on it from every side,
it stood like a peacock in the sun with its feathers spread.

Free to read, copy and share

160

Jhuk jaate the harne pe jo ghash mein shah-e-abrar
جھک جاتے تھے ہرنے پہ جو غش میں شہِ ابرار

Munh pher ke aqa ki taraf takta tha rahwar
منہ پھیر کے آقا کی طرف تکتا تھا راہوار

Chumkaar ke farmaate the Shabbir-e-dil afgar
چمکار کے فرماتے تھے شبیرِ دل افگار

Ab khatima-e-jang hai ae asp-e-wafadar
اب خاتمۂ جنگ ہے اے اسپِ وفادار

Utren ge bas ab tujh se chhuta saath hamaara
اتریں گے بس اب تجھ سے چھٹا ساتھ ہمارا

Na paaon tere chalte hain, na haath hamaara
نہ پاؤں ترے چلتے ہیں، نہ ہاتھ ہمارا

When the King of the righteous, fainting, slumped over the saddle-bow,
the steed would turn its head and look toward its master;
the heartsick Shabbir would coax it and say,
"Now the battle is at an end, O faithful horse;
I shall dismount now; our companionship is over;
your legs no longer move, nor does my hand.

161

Zakhmi hai, nahin ab teri takleef gawara
زخمی ہے، نہیں اب تری تکلیف گوارا

Girte hain sambhalne ka hamen bhi nahin yaara
گرتے ہیں سنبھلنے کا ہمیں بھی نہیں یارا

Kya baat teri, khoob diya saath hamaara
کیا بات تری، خوب دیا ساتھ ہمارا

Aa pahuncha hai manzil pe Yadullah ka pyaara
آپہنچا ہے منزل پہ ید اللہ کا پیارا

Tu jis mein pala hai wo ghar ik dam mein lute ga
تو جس میں پلا ہے وہ گھر اک دم میں لٹے گا

Bachpan ka hamaara tera ab saath chhute ga
بچپن کا ہمارا ترا اب ساتھ چھٹے گا

"You are wounded; I can no longer bear to trouble you;
I am falling; I too have no strength to hold myself up;
how fine you have been! You have stood by me well;
the darling of the Hand of God has reached his journey's end.
The house in which you were raised will be plundered in a moment;
the companionship we have shared since childhood ends now.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

162

Ghere hain adu, kheme talak ja nahin sakte
گھیرے ہیں عدو، خیمے تلک جا نہیں سکتے

Khoi hai jo taqat use ab pa nahin sakte
کھوئی ہے جو طاقت اسے اب پا نہیں سکتے

Mushkil hai sambhalna, tujhe daura nahin sakte
مشکل ہے سنبھلنا، تجھے دوڑا نہیں سکتے

Pahlu tere majrooh hain, thukra nahin sakte
پہلو ترے مجروح ہیں، ٹھکرا نہیں سکتے

Haiwan ko bhi dukh hota hai zakhmon ke taab ka
حیواں کو بھی دکھ ہوتا ہے زخموں کے تعب کا

Main dard raseeda hoon, mujhe dard hai sab ka
میں درد رسیدہ ہوں، مجھے درد ہے سب کا

"The enemies surround me; I cannot get as far as the tents;
the strength I have lost I cannot regain now;
it is hard to keep my seat; I cannot make you run;
your flanks are wounded; I cannot spur you on.
Even a beast feels the pain of the torment of wounds;
I have known pain, and I feel the pain of all.

163

Kis tarah dukhaaun ke tere zakhm hain kaari
کس طرح دکھاؤں کہ ترے زخم ہیں کاری

Main ne to kisi din tujhe qamchi nahin maari
میں نے تو کسی دن تجھے قمچی نہیں ماری

Ghore ne suni dard ki baaten jo ye saari
گھوڑے نے سنی درد کی باتیں جو یہ ساری

Do naddiyan ashkon ki huin aankhon se jaari
دو ندّیاں اشکوں کی ہوئیں آنکھوں سے جاری

Haiwan ko bhi riqqat hui is lutf-o-karam par
حیواں کو بھی رقّت ہوئی اس لطف و کرم پر

Munh rakh diya mur kar shah-e-wala ke qadam par
منہ رکھ دیا مڑ کر شہِ والا کے قدم پر

"How can I hurt you, when your wounds are deep?
I have never once struck you with a whip."
When the horse heard all these words of pain,
two rivers of tears flowed from its eyes;
even the beast was moved by such kindness and grace;
turning, it laid its face on the noble King's feet.

Free to read, copy and share

164

Gardan ko hilaaya ke Masiha, na utriye
گردن کو ہلایا کہ مسیحا، نہ اُتریے

Dam hai abhi mujh mein mere aqa, na utriye
دم ہے ابھی مجھ میں مرے آقا، نہ اُتریے

Talwaren liye gird hain aada, na utriye
تلواریں لیے گرد ہیں اعدا، نہ اُتریے

Sab fauj charhi aati hai Maula, na utriye
سب فوج چڑھی آتی ہے مولا، نہ اُتریے

Ae waaye sitam sadr nasheen khaak nasheen ho
اے وائے ستم صدر نشیں خاک نشیں ہو

Hasrat hai ke mar jaaun to khaali meri zeen ho
حسرت ہے کہ مر جاؤں تو خالی مری زیں ہو

It shook its neck as if to say, "O Messiah, do not dismount;
there is still breath in me, my master; do not dismount;
the enemies stand around with swords; do not dismount;
the whole army is advancing, my Master; do not dismount.
Alas for the cruelty, that the lord of the high seat should sit in the dust!
I long to die before my saddle is emptied."

165

Shah ne kaha, ta chand musafir se mahabbat
شہ نے کہا، تا چند مسافر سے مَحبّت

Wo tu ne kiya, hota hai jo haq-e-rifaqat
وہ تو نے کیا، ہوتا ہے جو حقِ رفاقت

Batla to sambhalne ki bhala kaun hai surat
بتلا تو سنبھلنے کی بھلا کون ہے صورت

Na haath mein, na paaon mein na qalb mein taqat
نہ ہاتھ میں، نہ پاؤں میں نہ قلب میں طاقت

Behtar hai ke utroon, nahin tewra ke giroon ga
بہتر ہے کہ اتروں، نہیں تیورا کے گروں گا

Phat jaayen ge sab zakhm jo ghash kha ke giroon ga
پھٹ جائیں گے سب زخم
جو غش کھا کے گروں گا

The King said, "How long this love for a traveller?
You have done all that companionship requires;
tell me, what way is there to keep my seat?
There is no strength in my hands, my feet or my heart.
It is better that I dismount, or I shall reel and fall;
all my wounds will burst open if I faint and fall.

Free to read, copy and share

166

Hai asr ka hangam, munasib hai utarna — ہے عصر کا ہنگام، مناسب ہے اترنا
Is khaak pe hai shukr ka sajda hamen karna — اس خاک پہ ہے شکر کا سجدہ ہمیں کرنا
Go marhala-e-saab hai duniya se guzarna — گو مرحلۂ صعب ہے دنیا سے گزرنا
Sajde mein kate sar ke saadat hai ye marna — سجدے میں کٹے سر کہ سعادت ہے یہ مرنا
Taat mein Khuda ki nahin sarfa tan-o-sar ka — طاعت میں خدا کی نہیں صرفہ تن و سر کا
Zi haq hain hamen is ke ke wirsa hai pidar ka — ذی حق ہیں ہمیں اس کے کہ ورثہ ہے پدر کا

"It is the hour of the afternoon prayer; it is fitting to dismount;
on this dust I must make a prostration of thanks;
though passing out of the world is a hard stage,
let my head be cut off in prostration, for such a death is good fortune.
In obedience to God one does not spare body or head;
I have the right to it, for it is my father's legacy."

167

Utra ye sukhan keh ke wo kaunain ka wali — اترا یہ سخن کہہ کے وہ کونین کا والی
Khatam se nageen gir gaya, zeen ho gaya khaali — خاتم سے نگیں گر گیا، زیں ہو گیا خالی
Is dukh mein na yawar the, na Maula ke mawali — اس دکھ میں نہ یاور تھے، نہ مولا کے موالی
Khud tek ke talwar ko sambhle shah-e-aali — خود ٹیک کے تلوار کو سنبھلے شہِ عالی
Kapre tan-e-pur noor ke sab khoon mein bhare the — کپڑے تنِ پُر نور کے سب خوں میں بھرے تھے
Ik haath ko rahwar ki gardan pe dhare the — اک ہاتھ کو راہوار کی گردن پہ دھرے تھے

Saying these words, the lord of both worlds dismounted;
the gem fell from the ring; the saddle was empty.
In this sorrow there were no helpers, nor any of the Master's friends;
the noble King steadied himself, leaning on his sword.
All the clothes on his radiant body were soaked in blood;
he kept one hand resting on his horse's neck.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

168

Munh yaal pe rakh rakh ke ye farmaate the har baar
منہ یال پہ رکھ رکھ کے یہ فرماتے تھے ہر بار

Ja deorhi pe ae sahib-e-Meraj ke rahwar
جا ڈیوڑھی پہ اے صاحبِ معراج کے راہوار

Ab zibah karen ge hamen ik dam mein sitamgar
اب ذبح کریں گے ہمیں اک دم میں ستمگار

Zainab se ye kehna ke Sakina se khabardar
زینب سے یہ کہنا کہ سکینہ سے خبردار

Rehna wahin jab tak mera sar tan se juda ho
رہنا وہیں جب تک مرا سر تن سے جدا ہو

Le jaaiyo Bano ko jidhar hukm-e-Khuda ho
لے جائیو بانو کو جدھر حکمِ خدا ہو

Laying his face on its mane again and again, he said,
"Go to the threshold of the tents, O steed of the Master of the Ascension;
the cruel ones will slaughter me in a moment now;
tell Zainab to take care of Sakina
and to stay there until my head is severed from my body;
then take Bano wherever God commands."

169

Ye keh ke jo sarka Asadullah ka jaaya
یہ کہہ کے جو سرکا اسداللہ کا جایا

Ik teer jabeen par bin-e-Ashas ne lagaaya
اک تیر جبیں پر بنِ اشعث نے لگایا

Faryad ne Zahra ki do aalam ko hilaaya
فریاد نے زہرا کی دو عالم کو ہلایا

Paikan-e-seh pahlu aqab-e-sar nikal aaya
پیکانِ سہ پہلو عقبِ سر نکل آیا

Tarpe na, zahe sabr Imam-e-do jahan ka
تڑپے نہ، زہے صبر امامِ دو جہاں کا

Sofar ne bosa liya sajde ke nishan ka
سوفار نے بوسہ لیا سجدے کے نشاں کا

When, saying this, the son of the Lion of God moved away,
the son of Ashath shot an arrow into his forehead;
Zahra's cry shook both worlds;
the three-edged arrowhead came out at the back of his head.
He did not writhe: how great the patience of the Imam of both worlds!
The arrow's notch kissed the mark of his prostrations.

Free to read, copy and share

170

Hazrat ne jabeen se abhi khencha na tha wo teer
حضرت نے جبیں سے ابھی کھینچا نہ تھا وہ تیر

Jo sar pe lagi tegh-e-bin-e-Malik-e-be peer
جو سر پہ لگی تیغ بنِ مالکِ بے پیر

Abru tak utar kar jo uthi zulm ki shamsheer
ابرو تک اتر کر جو اٹھی ظلم کی شمشیر

Sar thaam ke bas baith gaye khaak pe Shabbir
سر تھام کے بس بیٹھ گئے خاک پہ شبّیر

Chillaaye malak dekh ke khoon sibt-e-Nabi ka
چلّائے ملک دیکھ کے خوں سبطِ نبی کا

Tha haal yahi masjid-e-Kufa mein Ali ka
تھا حال یہی مسجدِ کوفہ میں علی کا

The revered one had not yet drawn that arrow from his forehead
when the sword of the pitiless son of Malik struck his head;
when the sword of cruelty, having cut down to the brow, was raised again,
Shabbir held his head and simply sat down in the dust.
Seeing the blood of the Prophet's grandson, the angels cried out;
such was the state of Ali in the mosque of Kufa.

171

Baithe jo soo-e-qibla do zanu shah-e-be par
بیٹھے جو سوئے قبلہ دو زانو شہِ بے پر

Jhukte the kabhi ghash mein uthaate the kabhi sar
جھکتے تھے کبھی غش میں اٹھاتے تھے کبھی سر

The zikr-e-Khuda mein ke laga teer dahan par
تھے ذکرِ خدا میں کہ لگا تیر دہن پر

Yaqoot bane doob ke khoon mein lab-e-athar
یاقوت بنے ڈوب کے خوں میں لبِ اطہر

Beh aaya lahu ta ba zanakhdan-e-mubarak
بہہ آیا لہو تا بہ زنخدانِ مبارک

Thande hue do gauhar-e-dandan-e-mubarak
ٹھنڈے ہوئے دو گوہرِ دندانِ مبارک

When the helpless King knelt facing the qibla,
now he would sink forward in a faint, now he would raise his head;
he was in the remembrance of God when an arrow struck his mouth;
his pure lips, drowned in blood, became rubies.
The blood ran down to his blessed chin;
two pearls among his blessed teeth were broken.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

172

Neze ka bin-e-Wahb ne pahlu pe kiya waar
نیزے کا بنِ وہب نے پہلو پہ کیا وار

Kaandhe pe chali saath Zurara ki bhi talwar
کاندھے پہ چلی ساتھ زرارہ کی بھی تلوار

Navak bin-e-Kamil ka kaleje ke hua paar
ناوک بنِ کامل کا کلیجے کے ہوا پار

Bazu mein dar aaya tabar-e-Khooli-e-khoonkhwar
بازو میں در آیا تبرِ خولیِ خونخوار

Talwar se waqfa na mila chand nafas ka
تلوار سے وقفہ نہ ملا چند نَفَس کا

Dam ruk gaya neza jo laga Ibn-e-Anas ka
دم رک گیا نیزہ جو لگا ابنِ انَس کا

The son of Wahb struck at his side with a spear;
at the same time Zurara's sword fell on his shoulder;
the arrow of the son of Kamil passed right through his heart;
the axe of bloodthirsty Khooli sank into his arm.
The swords gave him no respite even for a few breaths;
his breath stopped when the spear of Sinan ibn Anas struck him.

173

Tharra ke jhuke sajda-e-Haq mein shah-e-abrar
تھرّا کے جھکے سجدۂ حق میں شہِ ابرار

Shor-e-duhul-e-fath hua fauj mein ik baar
شورِ دہلِ فتح ہوا فوج میں اک بار

Khush ho ke pukaara pisar-e-Saad jafa kaar
خوش ہو کے پکارا پسرِ سعد جفا کار

Ae Khooli-o-Shees-o-bin-e-Zil Jaushan-e-jarrar
اے خولی و شیث و بنِ ذی الجوشنِ جرّار

Aakhir hai bas ab kaam Imam-e-azali ka
آخر ہے بس اب کام امامِ ازلی کا

Sar kaat lo sab mil ke Husain ibn-e-Ali ka
سر کاٹ لو سب مل کے حسین ابنِ علی کا

Trembling, the King of the righteous bowed in prostration to God;
at once the drums of victory sounded in the army;
the cruel son of Saad cried out in delight,
"O Khooli, O Shees, O valiant son of Dhul Jawshan,
the eternal Imam is finished now;
all together, cut off the head of Husain, son of Ali."

Free to read, copy and share

174

Likhta hai ye rawi ke bapa ho gaya mahshar
لکھتا ہے یہ راوی کہ بپا ہو گیا محشر

Baara sitam ijad barhe khench ke khanjar
بارہ ستم ایجاد بڑھے کھینچ کے خنجر

Ik Sayyida nikli dar-e-khema se khule sar
اک سیّدہ نکلی درِ خیمہ سے کھلے سر

Burqa tha, na maqna tha, na moze the na chaadar
برقع تھا، نہ مقنع تھا، نہ موزے تھے نہ چادر

Chillaaye laeen khauf se haath aankhon pe dhar ke
چلّائے لعیں خوف سے ہاتھ آنکھوں پہ دھر کے

Lo Fatima aati hai bachaane ko pisar ke
لو فاطمہ آتی ہے بچانے کو پسر کے

The narrator writes that the Resurrection broke loose:
twelve inventors of cruelty came forward with daggers drawn;
a lady of the Prophet's line came out of the tent door bareheaded;
she had neither veil nor head-cloth, neither socks nor wrap.
The accursed cried out in fear, covering their eyes with their hands,
"Look, Fatima is coming to save her son!"

175

Hilta tha falak, haathon se jab peetti thi sar
ہلتا تھا فلک، ہاتھوں سے جب پیٹتی تھی سر

Bijli ki tarah kaundte the kaanon ke gauhar
بجلی کی طرح کوندتے تھے کانوں کے گوہر

Farmaati thin, Fizza jo urha deti thi mijar
فرماتی تھیں، فِضّہ جو اڑھا دیتی تھی مِعجَر

Faryadi hoon, faryadi ko zeba nahin chaadar
فریادی ہوں، فریادی کو زیبا نہیں چادر

Sar nange yunhi jaaun main rauze pe Nabi ke
سر ننگے یونہی جاؤں میں روضے پہ نبی کے

Parda to gaya saath Husain ibn-e-Ali ke
پردہ تو گیا ساتھ حسین ابنِ علی کے

The heavens shook when she beat her head with her hands;
the pearls in her ears flashed like lightning;
when Fizza put a head-cloth over her, she would say,
"I am a plaintiff; a wrap does not become one who cries for justice;
let me go bareheaded like this to the Prophet's tomb;
my veil has gone with Husain, son of Ali."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

176

Us bheer mein aa kar wo zaeefa ye pukaari
اُس بھیڑ میں آ کر وہ ضعیفہ یہ پکاری

Ae sibt-e-Nabi, ibn-e-Ali, ashiq-e-Bari
اے سبطِ نبی، ابنِ علی، عاشقِ باری

Ghora to hai kotal, kidhar utri hai sawari
گھوڑا تو ہے کوتل، کدھر اتری ہے سواری

Bhaiyya, behan aai hai ziyarat ko tumhaari
بھیّا، بہن آئی ہے زیارت کو تمھاری

Mar jaaun gi Hazrat ko jo paane ki nahin main
مر جاؤں گی حضرت کو جو پانے کی نہیں میں

Be aap ke dekhe hue jaane ki nahin main
بے آپ کے دیکھے ہوئے جانے کی نہیں میں

Coming into that crowd, the frail lady cried out,
"O grandson of the Prophet, son of Ali, lover of the Creator,
the horse is riderless: where has its rider dismounted?
Brother, your sister has come to see you;
I shall die if I do not find you, revered one;
I shall not go back without seeing you."

177

Us waqt shah-e-deen ne suni zaari-e-khwahar
اُس وقت شہِ دیں نے سنی زاریِ خواہر

Jis waqt ke tha halq-e-mubarak tah-e-khanjar
جس وقت کہ تھا حلقِ مبارک تہِ خنجر

Farmaya ishaare se ke ae Shimr-e-sitam gar
فرمایا اشارے سے کہ اے شمرِ ستم گر

Zainab nikal aai hai, thahar ja abhi dam bhar
زینب نکل آئی ہے، ٹھہر جا ابھی دم بھر

Aakhir to safar hota hai is dar-e-mihan se
آخر تو سفر ہوتا ہے اس دارِ محن سے

Do baaten to kar lene de bhai ko behan se
دو باتیں تو کر لینے دے بھائی کو بہن سے

The King of the faith heard his sister's lament
at the very moment when his blessed throat was beneath the dagger;
he signed to Shimr and said, "O cruel Shimr,
Zainab has come out; wait a moment;
in the end I must depart from this abode of trials;
at least let the brother say a few words to his sister."

Free to read, copy and share

178

Munh pher liya Shimr ne khanjar ko hata ke
منہ پھیر لیا شمر نے خنجر کو ہٹا کے

Di shah ne ye Zainab ko sada ashk baha ke
دی شہ نے یہ زینب کو صدا اشک بہا کے

Tarpaati ho bhai ko behan balwe mein aa ke
تڑپاتی ہو بھائی کو بہن بلوے میں آ کے

Dekho gi kise, hum to hain panje mein qaza ke
دیکھو گی کِسے، ہم تو ہیں پنجے میں قضا کے

Uth sakte nahin jism pe talwaren pari hain
اٹھ سکتے نہیں جسم پہ تلواریں پڑی ہیں

Ghabrao na, Ammaan mere pahlu mein khari hain
گھبراؤ نہ، اماں مرے پہلو میں کھڑی ہیں

Shimr turned his face away and drew back the dagger;
weeping, the King called out to Zainab,
"Sister, you torment your brother by coming into this tumult;
whom will you see? I am in the grip of death;
I cannot rise: swords have fallen on my body;
do not be afraid: Mother is standing at my side.

179

Jaao saf-e-matam pe karo girya-o-zaari
جاؤ صفِ ماتم پہ کرو گریہ و زاری

Ghar se nikal aaye na Sakina meri pyaari
گھر سے نکل آئے نہ سکینہ مری پیاری

Firdaus se aa pahunchi hai Nana ki sawari
فردوس سے آ پہنچی ہے نانا کی سواری

Bas ab na suno gi behan aawaz hamaari
بس اب نہ سنو گی بہن آواز ہماری

Rona hai to ro lijo mere laashe pe aa ke
رونا ہے تو رو لیجو مرے لاشے پہ آ کے

Hat jaao ke sar katta hai sajde mein Khuda ke
ہٹ جاؤ کہ سر کٹتا ہے سجدے میں خدا کے

"Go to the mourning mat and weep and lament;
do not let my darling Sakina come out of the tent;
Grandfather's cavalcade has arrived from paradise;
sister, you will not hear my voice again.
If you must weep, come and weep over my body;
stand aside, for my head is being cut off in prostration to God."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

180

Dauri ye sada sun ke Yadullah ki jaai
دوڑی یہ صدا سن کے ید اللہ کی جائی

Chillaai ke deedar to main dekh loon bhai
چلّائی کہ دیدار تو میں دیکھ لوں بھائی

Par haaye, behan bhai talak aane na paai
پر ہائے، بہن بھائی تلک آنے نہ پائی

Yaan ho gayi Sayyid ke tan-o-sar mein judai
یاں ہو گئی سیّد کے تن و سر میں جدائی

Qatil ko na gardan ko na shamsheer ko dekha
قاتل کو نہ گردن کو نہ شمشیر کو دیکھا

Pahunchin to sinan par sar-e-Shabbir ko dekha
پہنچیں تو سناں پر سرِ شبّیر کو دیکھا

Hearing this cry, the daughter of the Hand of God ran forward
and cried, "Brother, let me at least see your face!"
But alas, the sister could not reach her brother:
here the Sayyid's head was parted from his body.
She saw neither the killer, nor the neck, nor the sword;
when she arrived, she saw Shabbir's head on a spearpoint.

181

Sar dekh ke bhai ka wo be kas ye pukaari
سر دیکھ کے بھائی کا وہ بے کس یہ پکاری

Dukh paai behan aap ki mazloomi ke waari
دکھ پائی بہن آپ کی مظلومی کے واری

Khanjar se ye gardan ki ragen kat gayin saari
خنجر سے یہ گردن کی رگیں کٹ گئیں ساری

Tum mar gaye poochhe ga khabar kaun hamaari
تم مر گئے پوچھے گا خبر کون ہماری

Aafat mein phansi aal-e-Rasool-e-Arabi ki
آفت میں پھنسی آل رسولِ عَرَبی کی

Ab jaayen kahan betiyan Zahra-o-Ali ki
اب جائیں کہاں بیٹیاں زہرا و علی کی

Seeing her brother's head, the forsaken one cried,
"Your sister has suffered; I would give myself for your wrongs;
the dagger has cut all the veins of this neck;
you are dead: who will ask after us now?
The family of the Arabian Messenger is caught in calamity;
where are the daughters of Zahra and Ali to go now?

Free to read, copy and share

182

Hai hai, pisar-e-sahib-e-Meraj Husaina
ہے ہے، پسرِ صاحبِ معراج حُسینا

Pardes mein bewon ka luta raaj Husaina
پردیس میں بیووں کا لٹا راج حُسینا

Goya ke Ali qatl hue aaj Husaina
گویا کہ علی قتل ہوئے آج حُسینا

Hai hai, kafan-o-gor ke muhtaj Husaina
ہے ہے، کفن و گور کے محتاج حُسینا

Pursa bhi tera dene ko aata nahin koi
پرسا بھی ترا دینے کو آتا نہیں کوئی

Laasha bhi zameen par se uthaata nahin koi
لاشا بھی زمیں پر سے اٹھاتا نہیں کوئی

"Alas, son of the Master of the Ascension, O Husain!
In a strange land the widows' kingdom has been plundered, O Husain!
It is as though Ali had been slain today, O Husain!
Alas, you are in need of a shroud and a grave, O Husain!
No one comes even to offer condolence for you;
no one even lifts your body from the ground.

183

Qurbaan behan, ae mere sarwar, mere Sayyid
قربان بہن، اے مرے سرور، مرے سیّد

Mazbooh-e-qafa kushta-e-khanjar, mere Sayyid
مذبوحِ قفا کشتۂ خنجر، مرے سیّد

Ae faaqa kash-o-bekas-o-be par, mere Sayyid
اے فاقہ کش و بیکس و بے پر، مرے سیّد

Panje mein hai qatil ke tera sar, mere Sayyid
پنجے میں ہے قاتل کے ترا سر، مرے سیّد

Dete ho sada kuchh, na bulaate ho behan ko
دیتے ہو صدا کچھ، نہ بلاتے ہو بہن کو

Kis yaas se takte chale jaate ho behan ko
کس یاس سے تکتے چلے جاتے ہو بہن کو

"Your sister would give her life for you, O my chief, my Sayyid,
slaughtered from the nape, slain by the dagger, my Sayyid,
O hungry, forsaken, helpless one, my Sayyid;
your head is in the killer's grip, my Sayyid.
You say nothing, nor do you call your sister;
with what despair you keep gazing at your sister!

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

184

Bhaiyya, mera koi nahin, tum khoob ho agah
بھیّا، مرا کوئی نہیں، تم خوب ہو آگاہ

Ahmad hain, na Zahra, na Hasan hain na Yadullah
احمد ہیں، نہ زہرا، نہ حَسن ہیں نہ یداللہ

Dhaaras thi bari aap ki ae Sayyid-e-zi jaah
ڈھارس تھی بڑی آپ کی اے سیّدِ ذی جاہ

Chhora mujhe jangal mein ye kya qahr kiya, aah
چھوڑا مجھے جنگل میں یہ کیا قہر کیا، آہ

Chalte hue kuchh mujh se na farma gaye bhai
چلتے ہوئے کچھ مجھ سے نہ فرما گئے بھائی

Bhaina ko Najaf tak bhi na pahuncha gaye bhai
بھینا کو نجف تک بھی نہ پہنچا گئے بھائی

"Brother, I have no one, as you well know:
neither Ahmad, nor Zahra, nor Hasan, nor the Hand of God is here;
you were my great support, O Sayyid of high rank;
you have left me in the wilderness: what a calamity, alas!
Brother, you went without saying anything to me;
brother, you did not even see your sister safely to Najaf.

185

Ae mere shaheed ae mere maan jaaye biradar
اے میرے شہید اے مرے ماں جائے برادر

Kis se tera laasha behan uthwaaye biradar
کس سے ترا لاشہ بہن اٹھوائے برادر

Kis tarah mere dil ko qarar aaye biradar
کس طرح مرے دل کو قرار آئے برادر

Paani bhi na qatil ne diya haaye biradar
پانی بھی نہ قاتل نے دیا ہائے برادر

Insan pe sitam ye kabhi insan nahin karta
انساں پہ ستم یہ کبھی انساں نہیں کرتا

Haiwan ko bhi pyaasa koi be jaan nahin karta
حیواں کو بھی پیاسا کوئی بے جاں نہیں کرتا

"O my martyr, O my brother, born of my own mother,
by whom can your sister have your body lifted, brother?
How can my heart find rest, brother?
The killer did not even give you water, alas, brother!
No man ever does such cruelty to a man;
no one kills even a beast while it is thirsty."

Free to read, copy and share

186

Khamosh Anees ab ke hai dil seene mein be chain
خاموش انیس اب کہ ہے دل سینے میں بے چین

Likkhe nahin jaate jo Zainab ne kiye bain
لکھّے نہیں جاتے جو زینب نے کیے بین

Ab Haq se dua maang ke ae Khaliq-e-kaunain
اب حق سے دعا مانگ کہ اے خالقِ کونین

Hasid hain bahut, dil ko ata kar mere tu chain
حاسد ہیں بہت، دل کو عطا کر مرے تو چین

Nahaq hai adawat unhen is heech madan se
ناحق ہے عداوت انھیں اس ہیچ مداں سے

Be tegh kate jaate hain shamsheer-e-zaban se
بے تیغ کٹے جاتے ہیں شمشیرِ زباں سے

Be silent now, Anees, for the heart is restless in the breast;
the laments that Zainab made cannot be written.
Now pray to God: "O Creator of both worlds,
my enviers are many; grant my heart peace;
their enmity toward this man of no learning is groundless;
without a sword, they are being cut down by the sword of my tongue."

Printed from https://fzic.org/library/noha/ya-rab-chaman-e-nazm-ko-gulzar-e-iram-kar-50008 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.